"النحو في الكلام كالملح في الطعام"

عن عمر رضي الله عنه قال: "تعلموا النحو كما تعلمون السنن والفرائض" (البیان والتبیین ۲ / ۲۲۱)

مُعِینُ الطَّالِبِین
شرح
مُفِیدُ الطَّالِبِین

(جس میں مفید الطالبین کے باب الاول کی مکمل نحوی ترکیب مع لغوی تحقیق کا اہتمام کیا گیا ہے، نیز آخر میں ایک ضمیمہ ملحق ہے جس میں جملہ مشکل کلمات کی تعلیلات پیش کی گئی ہیں۔)

شارح

ناظر حسین بن عثمان بھتھوڑوی

(استاذ: دارالعلوم فلاح دارین ترکیسر سورت گجرات)

ناشر

مکتبۃ الاتحاد

دیوبند، الہند

معین الطالبین شرح مفید الطالبین

ناظر حسین بن عثمان بھتھوڑوی

"النَّحْوُ فِيْ الكَلَامِ كَالمِلْحِ فِيْ الطَّعَامِ."

عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:"تَعَلَّمُوْا النَّحْوَ، كَمَا تَعَلَّمُوْنَ السُّنَنَ وَالفَرَائِضَ." (البیان والتبیان:۲ / ۱۷۱)

مُعِینُ الطَّالبِین

شرحِ

مُفِیدُ الطَّالبِین

(جس میں مفید الطالبین کے الباب الاول کی مکمّل نحوی ترکیب مع لغوی تحقیق کا اہتمام کیا گیا ہے، نیز اخیر میں ایک ضمیمہ ملحق ہے، جس میں جملہ معتل کلمات کی تعلیلات پیش کی گئی ہیں۔)

شارح

ناظر حسین بن عثمان ہتھوڑوی

(استاذ: دار العلوم فلاحِ دارین، ترکیسر، سورت، گجرات)

تفصیلات

نام کتاب : معین الطالبین شرحِ مفید الطالبین

شارح : ناظر حسین بن عثمان ہتھوڑوی

(اُستاذ: دار العلوم فلاحِ دارین ترکیسر، سورت، گجرات)

کمپیوٹر کتابت : رشید احمد آچھودی (09428689113)

طبع اوّل : ۱۴۴۵ھ مطابق: ۲۰۲۳ء

تعداد صفحات : ۲۳۳

ملنے کے پتے

(۱) مکتبہ الاتحاد، دیوبند — 9897296985

(۲) مکتبۃ الملک ناظر حسین بن عثمان ہتھوڑوی — 09879246385

(۲) مکتبہ سعیدیہ، ترکیسر، سورت، گجرات — 09925681828

(۳) مکتبہ محمدیہ، مفتی سلیمان صاحب شاہوی — 07069428409

(۴) قاری مفید الاسلام صاحب — 09825364632

(۵) مکتبہ دار المعارف، الٰہ آباد — 09450581807

دیوبند کے تمام کتب خانوں پر بھی دست یاب ہے۔

فہرس

عناوین **صفحہ**

انتساب

احقر اپنی اِس حقیر کاوِش کو مادرِ علمی ''دارالعلوم فلاحِ دارین، ترکیسر، ضلع سورت، گجرات'' کے نام منسوب کرتے ہوئے فرحت ومسرّت اور تشکّر وامتنان کے بے پناہ جذبات اپنے دل میں موجزن پا رہا ہے؛ جس کی مردم ساز، عطر بیز اور روح پرور فضاؤں نے اِس قابل بنایا۔ فَلِلّٰهِ الحَمْدُ وَالمِنَّةُ أَوَّلًا وَّاٰخِرًا.

فجزى الله عني بانيها وناظميها وجميع أساتذتي الكرام خير الجزاء... آمين يا رب العالمين.

تقریظ لطیف

از

استاذِ محترم حضرت مولانا محمد یوسف صاحب ٹنکاروی دامت برکاتہم

(شیخ الحدیث دار العلوم فلاحِ دارین ترکیسر، وخلیفۂ مجاز حضرت مولانا شیخ محمد یونس صاحب جون پوری رحمۃ اللہ علیہ)

الحمدُ للهِ ربِ العَالمين، وَالصَّلوٰةُ وَالسَّلَامُ عَلىٰ سَيِّدِ الأَنبيَاءِ وَالمرسَلِيْنَ، سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِنِ الأُمِّيِّ خَاتَمِ النَّبِيِّينَ، وَعَلىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ.

پیش نظر رسالہ ''معین الطالبین شرحِ مفید الطالبین'' واقعی اسم بامسمّٰی ہے، جناب قاری صاحب زید مجدہم نے بڑی عرق ریزی و باریک بینی سے ان جُمل کی تراکیب کو ترتیب دیا ہے جو اپنی مثال آپ ہے۔ طلبۂ عزیز اگر اِن تراکیب کو غور وفکر سے پڑھ کر یاد کر لیں گے تو ان شاء اللہ آئندہ کتب مہمہ تفسیر وحدیث اور فقہ کی تراکیب کو سمجھنا بہت آسان ہو جائے گا، جس کے لیے یہ ساری تگ ودو ہے۔

اللہ پاک جناب قاری صاحب کو جملہ طالبین علوم نبوت کی طرف سے اس احسان کا بدلہ عطا فرمائیں اور آپ کے علوم ومعارف میں برکت عطا فرمائیں، اس نوعیت کی علومِ عالیہ میں مددگار کتب ورسائل کی تصنیف وتالیف کی توفیق ارزانی فرمائیں۔ آمین۔ وما ذٰلك عَلَى الله بعزيز.

فقط والسلام

محمد یوسف ٹنکاروی

مدرّس دار العلوم فلاحِ دارین ترکیسر، سورت

۱۴؍ربیع الاوّل؍۱۴۴۵ھ

مطابق: ۳۰؍ستمبر؍۲۰۲۳ء؍بروز سنیچر

تقریظ لطیف

از

استاذِ محترم استاذ الاساتذہ حضرت مولانا مفتی محمد اسلم صاحب کاچھوی

ثم موسالوی دامت برکاتہم (سابق استاذِ حدیث وصدر مفتی دار العلوم فلاحِ دارین ترکیسر وخلیفۂ مجاز حضرت مولانا صفی اللہ صاحب جلال آبادی رحمۃ اللہ علیہ) حال مقیم ٹورنٹو، کناڈا

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

مکرّم بندہ عزیزم قاری مولانا ناظر حسین زیدت معالیکم

آپ کی ارسال کردہ ''معین الطالبین شرحِ مفید الطالبین'' کی کاپی مولوی شعیب سلّمہٗ کے ہمراہ موصول ہوئی، بندہ تو ''ہر چہ خواندہ ایم فراموش کردہ ایم'' کا مصداق ہے، تاہم جمعہ اور سنیچر کو بندے نے از اوّل تا آخر استفادہ کیا، کتاب الحمد للہ، طلبہ اور طالبات کے لیے اسم بامسمّٰی، مفید ومعین ہے، اس دورِ قحط الرجال میں گوہر نایاب ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کی سعی کو شرفِ قبولیت سے نوازے اور ثوابِ جاریہ بنائے۔ آمین۔

والسلام

راقم دُعا گو ودُعا جو

محمد اسلم غفرلہٗ

از: کناڈا، ٹورنٹو

مؤرّخہ: ۲۹/ذوالقعدہ/۱۴۴۴ھ

۱۸/جون/۲۰۲۳ء، بروز اتوار

پیش لفظ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیمِ

اَلحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ العَالَمِین، وَالصَلوٰۃُ وَالسَّلَامُ عَلیٰ سَیِّدِنَا وَسَیِّدِ الأَنبِیَاءِ وَالمُرسَلِینَ، وَعَلیٰ اٰلِہٖ وَأَصحَابِہٖ أَجمَعِینَ، وَمَنِ اھتَدیٰ بھَدیِہٖ إِلیٰ یَومِ الدِّینِ.

اللہ تعالیٰ کا بے انتہا شکر و احسان ہے کہ اس نے ہم سے ہیچ مدانوں کو اپنے دین متین کی تعلیم و تدریس کے لیے منتخب فرمایا اور ہزار کوتاہیوں کے باوجود اب تک اس مبارک سلسلے سے وابستہ رکھا۔

منّت منہ کہ خدمتِ سلطاں ہمی کنی　　　منّت شناس ازو کہ بخدمت بداشتت

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل و کرم سے تادمِ واپسیں اس بابرکت سلسلے سے وابستہ رکھیں اور اپنے دین متین کے مخلص خدّام میں شمار فرمائیں۔ وَمَا ذٰلك عَلَی اللہ بعزیز.

یہ بات کسی ذی شعور پر مخفی نہیں کہ علومِ کتاب وسنّت میں مہارت کے لیے علم نحو ریڑھ کی ہڈّی کی حیثیت رکھتا ہے، اس میں مہارت اور کافی شُدبُد کے بغیر آدمی علومِ کتاب وسنّت کے بحرِ ذخّار میں کما حقہٗ غوطہ زنی نہیں کرسکتا۔ یہی وجہ ہے کہ درسِ نظامی میں علمِ نحو کی متعدد کتب داخل درس ہیں، نیز قواعدِ نحو کی مشق و تمرین اور ان کے اِجراء کے لیے زنجیری ترکیب کا التزام و اہتمام کیا جاتا ہے، اس سلسلے میں ''شرحِ مائۃ عامل'' اور ''مفید الطالبین'' وغیرہ کتب کو بڑی اہمیت حاصل ہے۔ برّصغیر کے مدارسِ عربیہ میں شاید و باید ہی کوئی مدرسہ ہو جس میں ان دو کتب یا ان کے مانند کتب میں زنجیری ترکیب

کا انتظام وانصرام نہ ہو۔

مادرِ علمی دارالعلوم فلاحِ دارین میں بھی الحمدللہ مذکور الصدر دونوں کتب داخل درس ہیں اور درجۂ عربی اوّل میں بڑے اہتمام سے ان میں زنجیری ترکیب کا التزام کیا جاتا ہے۔ یہ بندے کی سعادت ہے کہ غالباً بیس (۲۰) سال سے بندے کو ثانی الذکر کتاب ''مفید الطالبین'' (جو کہ اسم بامسمیٰ ہے) کی باترکیب تدریس کی سعادت حاصل ہے۔ فللّٰہ الحمدُ علیٰ ذٰلك.

بعض اساتذۂ کرام اور بعض احباب کے اِصرار پر دِل میں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ ''مفید الطالبین'' کے بابِ اوّل (جو کہ ہمارے یہاں داخل نصاب ہے) میں موجود جملوں کی مکمّل نحوی ترکیب، ترجمہ، لغوی تحقیق اور معتل کلمات کی تعلیلات قلم بند کر دی جائیں، تاکہ نحوی ترکیب اور صرفی تعلیل کا صحیح نمونہ وطریقہ عربی اوّل کے نوآموز طلبۂ کرام کے سامنے رہے، تاکہ وہ اس کو بنیاد بنا کر اس میدان میں اپنی پیش رفت جاری رکھ سکیں۔

خشتِ اوّل گر نہد معمار کج   تا ثُریا می رود دیوار کج

اسی ارادے سے یہ تالیف ترتیب دی گئی ہے۔ اہل علم اور اربابِ تدریس سے مؤدّبانہ درخواست ہے کہ اگر اس مجموعے میں کوئی غلطی نظر آئے تو ضرور نشان دہی فرمائیں، بندہ ان کا ممنون ہوگا، نیز اگر اس سلسلے میں کوئی مشورہ ہو تو اس سے بھی مطلع فرمائیں، بندہ حتی الامکان اس کو قبول کرنے کی کوشش کرے گا۔ إن أُريدُ إلّا الإصلاحَ مَا استطعتُ، وَمَا توفيقي إلّا بِاللهِ، عليه توكّلتُ وَإليهِ أُنيبُ.

بندہ اس موقع پر استاذِ محترم حضرت مولانا محمد یوسف صاحب ٹنکاروی دامت برکاتہم العالیہ (شیخ الحدیث دارالعلوم فلاحِ دارین، ترکیسر) اور استاذِ محترم حضرت

مولانا مفتی محمد اسلم صاحب موسالوی دامت برکاتہم (سابق صدر مفتی دارالعلوم فلاحِ دارین، ترکیسر اور مقیم حال ٹورنٹو، کناڈا) کا تہہِ دِل سے شکرگزار ہے کہ دونوں حضرات نے اپنی کثیر مصروفیات کے باوجود اس تالیف پر نظر ڈالی اور اپنے معمولی شاگرد کی حوصلہ افزائی فرماتے ہوئے اپنے قیمتی تاثّرات اور دعائیہ کلمات سے نوازا۔ فجزاهم الله تعالىٰ أحسن الجزاء.

اخیر میں دست بدعا ہوں کہ حق تعالیٰ محض اپنے فضل وکرم سے اس تالیف کو قبول فرمائیں، طالبین علومِ نبوت کے حق میں مفید بنائیں اور مزید کی توفیق ارزانی فرمائیں۔

آمین یا أَرحم الرَّاحمین! وَصَلَّى اللهُ تَعَالىٰ علىٰ خَيرِ خلقِهٖ محمدٍ وعلىٰ اٰلِهٖ وأَصحابِهٖ أَجمعين، والحمد لله ربِّ العَالمِين.

بندہ ناظر حسین بن عثمان ہتھوڑوی

خادم

دارالعلوم فلاحِ دارین، ترکیسر، سورت، گجرات

مؤرّخہ: ۱ر جمادی الاولیٰ ر ۱۴۴۵ھ

مطابق: ۱۶ر نومبر ر ۲۰۲۳ء

بروز پنج شنبہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بابِ اوّل
در امثال و مواعظ

(۱) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا.

ترجمہ: میں شروع کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے ہی جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے، حمد کرتے ہوئے اور درود بھیجتے ہوئے۔

ترکیب:

اس کی تقدیر: "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ أَشْرَعُ حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا" ہے۔

ب: حرفِ جر، اِسْمِ مضاف،

اللّٰهِ: موصوف، **الرَّحْمٰنِ:** صفت اوّل، **الرَّحِيْمِ:** صفت ثانی،

اللّٰهِ: موصوف اپنی دونوں صفتوں سے مل کر مضاف الیہ،

اِسْمِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،

ب: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق مقدّم ہوا أَشْرَعُ فعل سے،

أَشْرَعُ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغہ واحد متکلم،

أَنَا : ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد متکلم، ذوالحال،

حَامِدًا: معطوف علیہ، واو حرفِ عطف،

مُصَلِّيًا: معطوف،

حَامِدًا: معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر حال،

أَنَا: ضمیر ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل،

أَشْرَعُ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ مقدّم سے مل کر لفظاً جملہ فعلیہ خبریہ اور معنیً جملہ انشائیہ عقود ہوا۔ [1]

(۲) وَبَعْدُ فَهٰذِهِ الرِّسَالَةُ الْمُسَمَّاةُ بِمُفِيْدِ الطَّالِبِيْنَ مُشْتَمِلَةٌ عَلَى الْبَابَيْنِ.

ترجمہ: اور حمد وصلوٰۃ کے بعد تو یہ رِسالہ جو ''مفید الطالبین'' سے موسوم ہے دو باب پر مشتمل ہے۔

اس کی تقدیر: "مَهْمَا يَكُنْ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ فَهٰذِهِ الرِّسَالَةُ الْمُسَمَّاةُ بِـ"مُفِيْدِ

[1] لغات جملہ نمبر: (۱)

ب: حرفِ جر، برائے الصاق، سے

الاِسْمُ: ج: الأَسْمَاءُ (س، م، و) نام

اَللّٰهُ: معبود

الإِلٰهُ: ج: آلِهَةٌ: معبود

الرَّحْمٰنُ: اسم مبالغہ بڑا مہربان

الرَّحِيْمُ: ج: رُحَمَاءُ بہت رحم والا

الحَامِدُ: اسم فاعل از سَمِعَ، ج: الحَامِدُوْنَ تعریف کرنے والا

وَ: حرفِ عطف، اور

المُصَلِّيْ: اسم فاعل از تفعیل، ج: المُصَلُّوْنَ رحمت نازل کرنے والا

الطَّالِبِيْنَ" مُشْتَمِلَةٌ عَلَى البَابَيْنِ" ہے۔
تقدیری عبارت کا ترجمہ: حمد وصلوٰۃ کے بعد جو کچھ بھی ہوگا تو یہ رسالہ جو ''مفید الطالبین'' کے نام سے موسوم ہے دو باب پر مشتمل ہوگا۔

ترکیب:

مَهْمَا: اسم شرط، مبتدا،
يَكُنْ: فعل مضارع تام، صیغہ واحد مذکّر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکّر غائب، ذو الحال، راجع بہ جانب **مَهْمَا**
مِنْ: حرفِ جر، **شَيْءٍ:** مجرور،
مِنْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **ثَابِتًا** محذوف سے،
ثَابِتًا: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر حال،
هُوَ: ضمیر ذو الحال اپنے حال سے مل کر فاعل،
بَعْدُ: مفعولِ فیہ، محلاً منصوب،
يَكُنْ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ فیہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،
ف: حرفِ جزا، **هٰذِهٖ:** مبدل منہ،
الرِّسَالَةُ: موصوف، **الْمُسَمَّاةُ:** صیغہ صفت، اسم مفعول،
هِيَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مؤنث غائب، نائب فاعل، راجع بہ جانب **اَلْ** بمعنی: **اَلَّتِيْ**، **ب:** حرفِ جر،
مُفِيْدِ: مضاف، **الطَّالِبِيْنَ:** مضاف الیہ،
مُفِيْدِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،

ب: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **المُسَمَّاۃُ** صیغۂ صفت سے،

المُسَمَّاۃُ: اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہِ جملہ ہوکر صفت،

الرِّسَالَۃُ: موصوف اپنی صفت سے مل کر بدل،

ھٰذِہٖ: مبدل منہ اپنے بدل سے مل کر مبتدا،

مُشْتَمِلَۃٌ: صیغۂ صفت، اسم فاعل،

ھِيَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مؤنث غائب، فاعل، راجع بہ جانب **ھٰذِہٖ**،

عَلٰی: حرفِ جر، **البَابَیْنِ:** مجرور،

عَلٰی: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا "**مُشْتَمِلَۃٌ**" صیغۂ صفت سے،

مُشْتَمِلَۃٌ: اسم فاعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہِ جملہ ہوکر خبر،

ھٰذِہِ الرِّسَالَۃُ...الخ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر شرط، شرط اپنی جزاء سے مل کر جملہ شرطیہ ہوکر خبر "**مَھْمَا**" اسم شرط مبتدا کی،

مَھْمَا: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۳) البَابُ الأَوَّلُ فِيْ الأَمْثَالِ وَالمَوَاعِظِ، وَالبَابُ الثَّانِيْ فِيْ

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۲)

الرِّسَالَۃُ: ج: **رَسَائِلُ، رِسَالَاتٌ** پیغام، خط

المُسَمَّاۃُ: اسم مفعول از تفعیل **سَمّٰی، یُسَمِّيْ تَسْمِیَۃً،** (س،م،و) نام رکھا ہوا

اَلْمُفِیْدُ: اسم فاعل از افعال، ج: **مُفِیْدُوْنَ،** (ف،و،د) فائدہ دینے والا

اَلطَّالِبُ: اسم فاعل از نَصَرَ، ج: **طُلَّابٌ، طُلَّبٌ، طَلَبَۃٌ** شاگرد، طلب کرنے والا

اَلْمُشْتَمِلَۃُ: اسم فاعل از افتعال، ج: **مُشْتَمِلَاتٌ** احاطہ کرنے والا

الحِكَايَاتِ وَالنَّقْلِيَّاتِ.

ترجمہ: پہلا باب کہاوتوں اور نصیحتوں کے بیان میں ہے اور دوسرا باب کہانیوں اور نقل کی ہوئی باتوں کے بیان میں ہے۔

ترکیب:

البَابُ: موصوف، **الأَوَّلُ:** صفت، موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا،

فِيْ: حرفِ جر، **الأَمْثَالِ:** معطوف علیہ، واو حرفِ عطف،

المَوَاعِظِ: معطوف، **الأَمْثَالِ:** معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور،

فِيْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتٌ محذوف سے،

ثَابِتٌ: اپنے متعلّق سے مل کر خبر،

البَابُ الأَوَّلُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ،

وَ: حرفِ عطف، **البَابُ** : موصوف، **الثَّانِيْ:** صفت،

البَابُ: موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا،

فِيْ: حرفِ جر، **الحِكَايَاتِ:** معطوف علیہ، واو حرفِ عطف،

النَّقْلِيَّاتِ: معطوف،

الحِكَايَاتِ: معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مجرور،

فِيْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **ثَابِتٌ** محذوف سے،

البَابُ الثَّانِيْ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف،

البَابُ الأَوَّلُ...الخ: معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر جملہ مبیّنہ ہوا۔[۱]

(٤) أَلَّفْتُهَا لِلْمُبْتَدِئِيْنَ مِنْ طُلَبَاءِ الْعَرَبِيَّةِ.

ترجمہ: میں نے اس کو عربیت کے طلبہ میں سے ابتدا کرنے والوں کے لیے جمع کیا ہے۔

ترکیب:

أَلَّفْتُ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد متکلم،

تُ: ضمیر بارز مرفوع متصل، برائے واحد متکلم، فاعل،

هَا: ضمیر منصوب متصل، برائے واحد مؤنث غائب، مفعولِ بہ، راجع بہ جانب **هٰذِهِ الرِّسَالَةُ،**

ل: حرفِ جر، **اَلْمُبْتَدِئِيْنَ:** اسم فاعل،

هُم: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے جمع مذکر غائب، ذوالحال، راجع بہ جانب **آلْ** بمعنیٰ **اَلَّذِيْنَ،**

مِنْ: حرفِ جر، **طُلَبَاءِ:** مضاف، **العَرَبِيَّةِ:** مضاف الیہ،

---

[۱] لغات جملہ نمبر: (۳)

البَابُ: ج: **أَبْوَابٌ** دروازہ

الأَوَّلُ: اسم تفضیل، ج: **أَوَائِلُ**، مؤنث: **أُوْلىٰ**، ج: **أُوَلُ** پہلا

المَثَلُ: ج: **أَمْثَالٌ** کہاوت

المَوْعِظَةُ: مصدر از ضَرَبَ، ج: **مَوَاعِظُ** وعظ، نصیحت

الحِكَايَةُ: مصدر از ضَرَبَ، ج: **حِكَايَاتٌ** کہانی

النَّقْلِيَّةُ: اسم منسوب، ج: **نَقْلِيَّاتٌ** نقل کی ہوئی بات

طُلَبَاءِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،

مِنْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتِیْنَ محذوف سے،

ثَابِتِیْنَ: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر حال هُمْ ضمیر ذوالحال کا،

هُمْ: ضمیر ذوالحال اپنے حال سے مل کر فاعل الْمُبْتَدِیْنَ صیغۂ صفت کا،

اَلْمُبْتَدِیْنَ: صیغۂ صفت اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہِ جملہ ہو کر مجرور،

ل: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا أَلَّفْتُ فعل سے،

أَلَّفْتُ: فعل اپنے فاعل، مفعولِ بہ اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٥) فَالْمَسْؤُوْلُ مِنَ اللهِ أَنْ يَنْفَعَهُمْ، وَهُوَ حَسْبِيْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ.

ترجمہ: پس وہ چیز جس کا اللہ تعالیٰ سے سوال کیا جاتا ہے یہ ہے کہ وہ اُنھیں نفع بخشے اس حال میں کہ وہی میرے لیے کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔

ترکیب:

ف: مستانفہ، اَلْمَسْؤُوْلُ: صیغۂ صفت، اسم مفعول،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، نائب فاعل، راجع بہ جانب اَلْ

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۴)

أَلَّفَ يُؤَلِّفُ تَأْلِيفًا: (تفعیل) جمع کرنا

اَلْمُبْتَدِيْ: اسم فاعل از افتعال، ج: الْمُبْتَدُوْنَ (ف) شروع کرنے والا

اَلطَّلِيْبُ: صفت مشبہ از نصر، ج: طُلَبَاءُ، بہت زیادہ مانگنے والا

الْعَرَبِيَّةُ: اسم منسوب، ج: الْعَرَبِيَّاتُ عرب کی طرف منسوب

بمعنیٰ اَلَّذِيْ،

مِنْ: حرفِ جر، اللّٰهِ: مجرور،

مِنْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا اَلْمَسْؤُوْلُ صیغۂ صفت سے،

اَلْمَسْؤُوْلُ: اسم مفعول اپنے نائب فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہِ جملہ ہو کر مبتدا،

أَنْ: حرفِ ناصب مصدریہ،

يَنْفَعَ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، ذوالحال، راجع بہ جانب اللّٰهِ

هُمْ: ضمیر منصوب متصل، برائے جمع مذکر غائب، مفعولِ بہ، راجع بہ جانب اَلْمُبْتَدِيْنَ،

واو: حالیہ،

هُوَ: ضمیر مرفوع منفصل، برائے واحد مذکر غائب، مبتدا، راجع بہ جانب اللّٰهِ،

حَسْبِ: مضاف، يِ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد متکلم، مضاف الیہ،

حَسْبِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف علیہ،

واو: حرفِ عطف، نِعْمَ: فعل مدح، اَلْوَكِيْلُ: فاعل،

نِعْمَ: فعل مدح اپنے فاعل سے مل کر جملہ انشائیہ عقود مدح ہو کر معطوف،

حَسْبِيْ: معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر،

هُوَ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر حال،

يَنْفَعَ: میں هُوَ ضمیر ذوالحال اپنے حال سے مل کر يَنْفَعُ کا فاعل،

يَنْفَعَ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر أَنْ مصدریہ کا صلہ،

أَنْ: مصدریہ اپنے صلہ سے مل کر خبر،

اَلْمَسْؤُوْلُ مِنَ اللهِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٦) أَوَّلُ النَّاسِ أَوَّلُ نَاسٍ.

ترجمہ: انسانوں میں سب سے پہلا سب سے پہلا بھولنے والا ہے۔

ترکیب:

أَوَّلُ: مضاف، النَّاسِ: مضاف الیہ،

أَوَّلُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،

أَوَّلُ: مضاف، نَاسٍ: صیغہ صفت، اسم فاعل،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب إِنْسَانٍ محذوف،

نَاسٍ: اسم فاعل اپنے فاعل سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مضاف الیہ،

أَوَّلُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۵)

اَلْمَسْؤُوْلُ: اسم مفعول از فتح، ج: اَلْمَسْؤُوْلُوْنَ درخواست کیا ہوا

نَفَعَ يَنْفَعُ نَفْعًا (ف) نفع دینا

اَلْحَسْبُ: کافی

نِعْمَ: فعل مدح (س) فعل جامد، نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ زید بہترین مرد ہے۔

اَلْوَكِيْلُ: صفت مشبہ از ضَرَبَ، ج: وُكَلَاءُ کارساز

أَوَّلُ النَّاسِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[۱]

(۷) أفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ.

ترجمہ: علم کی آفت بھول جانا ہی ہے۔

ترکیب:

أفَةُ: مضاف، العِلْمِ: مضاف الیہ،

أفَةُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،

النِّسْيَانُ: مصدر، خبر،

أفَةُ العِلْمِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[۲]

(۸) الجَهْلُ مَوْتُ الأَحْيَاءِ.

ترجمہ: جہالت زندوں کی موت ہے۔

ترکیب:

الجَهْلُ: مبتدا،

---

[۱] لغات جملہ نمبر: (۶)

النَّاسُ: واحد إِنْسَانٌ، تصغیر: نُوَيْسٌ لوگ

النَّاسِيْ: اسم فاعل از سَمِعَ، ج: نَاسُوْنَ بھولنے والا

[۲] لغات جملہ نمبر: (۷)

الأفَةُ: ج: أفَاتٌ حروفِ اصلیہ: اوف، مصیبت

العِلْمُ: مصدر از سَمِعَ، ج: عُلُوْمٌ علم

نَسِيَ يَنْسَىٰ نِسْيَانًا (س) بھولنا

مَوْتُ: مصدر مضاف،

الْأَحْيَاءِ: صیغۂ صفت، صفت مشبہ،

هُمْ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے جمع مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب اَلنَّاسُ محذوف،

الْأَحْيَاءِ: صفت مشبہ اپنے فاعل سے مل کر فاعل مضاف الیہ،

مَوْتُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر،

اَلْجَهْلُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ [۱]

(۹) اَلنَّاسُ أَعْدَاءٌ لِمَا جَهِلُوْا.

ترجمہ: لوگ اس چیز کے دُشمن ہیں جس سے وہ ناواقف ہوتے ہیں۔

ترکیب:

النَّاسُ: مبتدا، **أَعْدَاءٌ:** صیغۂ صفت، اسم مبالغہ،

هُمْ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے جمع مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب النَّاسُ،

---

[۱] لغات جملہ نمبر: (۸)

اَلْجَهْلُ: مصدر از سَمِعَ جاہل ہونا، نہ جاننا

اَلْمَوْتُ: مصدر از نَصَرَ وَسَمِعَ، ج: أَمْوَاتٌ موت، مرنا

جَهِلَ يَجْهَلُ جَهَالَةً (س) نہ جاننا

مَاتَ يَمُوْتُ وَيَمَاتُ مَوْتًا (ن، س) مرنا

اَلْحَيُّ: صفت مشبہ از سَمِعَ، ج: أَحْيَاءٌ زندہ

حَيِيَ وَحَيّ يَحْيٰى حَيَاةً وَحَيَوَانًا (س) ح ي ي زندہ رہنا

ل: حرفِ جر، مَا: اسم موصول،
جَهِلُوْا: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ جمع مذکر غائب،
واو: ضمیر بارز مرفوع متصل، برائے جمع مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب النَّاسُ،
ہٗ: ضمیر منصوب متصل محذوف، برائے واحد مذکر غائب، مفعولِ بہ، راجع بہ جانب مَا اسم موصول،
جَهِلُوْا: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر صلہ،
مَا: اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور،
ل: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا أَعْدَاءٌ صیغۂ صفت سے،
أَعْدَاءٌ: اسم مبالغہ اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہ جملہ ہوکر خبر،
النَّاسُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۱۰) اَلْعَاقِلُ تَكْفِيْهِ الإِشَارَةُ.

ترجمہ: عقلمند کہ اس کو اشارہ کافی ہوتا ہے۔

ترکیب:

العَاقِلُ: مبتدا،
تَكْفِيْ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مؤنث غائب،
ہ: ضمیر منصوب متصل، برائے واحد مذکر غائب، مفعولِ بہ مقدّم، راجع بہ جانب العَاقِلُ،
الإِشَارَةُ: فاعل مؤخر،
تَكْفِيْ: فعل اپنے فاعل مؤخر اور مفعولِ بہ مقدّم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۹)
العَدُوُّ: اسم مبالغہ از نَصَرَ، (واحد، جمع، مذکر و مؤنث کے لیے) ج: أَعْدَاءٌ، جج: أَعَادٍ دُشمن

العَاقِلُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[۱]

(۱۱) اَلْعُجْبُ اٰفَةُ اللُّبِّ.

ترجمہ: خود پسندی عقل کی مصیبت ہے۔

ترکیب:

اَلْعُجْبُ: مبتدا، اٰفَةُ: مضاف، اَللُّبِّ: مضاف الیہ،

اٰفَةُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر،

اَلْعُجْبُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[۲]

(۱۲) إِذَا تَمَّ الْعَقْلُ نَقَصَ الْكَلَامُ.

ترجمہ: جب عقل کامل ہو جائے گی تو بات کم ہو جائے گی۔

ترکیب:

إِذَا: اسم ظرف، متضمّن معنیٰ شرط،

---

[۱] لغات جملہ نمبر: (۱۰)

العَاقِلُ: اسم فاعل از ضَرَبَ، ج: عُقَلَاءُ، عَاقِلُوْنَ، عُقَّالُ سمجھدار، عقلمند

عَقَلَ يَعْقِلُ عَقْلًا (ض) عقلمند ہونا، سمجھنا، باندھنا

كَفَىٰ يَكْفِيْ كِفَايَةً (ض) کافی ہونا

الإِشَارَةُ: مصدر از إِفْعَال، ج: إِشَارَاتٌ (ش، و، ر) اشارہ کرنا

أَشَارَ يُشِيْرُ إِشَارَةً (إفعال) اشارہ کرنا، مشورہ دینا

[۲] لغات جملہ نمبر: (۱۱)

اَلْعُجْبُ: مصدر از سَمِعَ غرور، خود پسندی

اَللُّبُّ: ج: أَلْبَابٌ، أَلُبٌّ، أَلْبُبٌ خالص عقل

تَمَّ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،
اَلْعَقْلُ: فاعل،
تَمَّ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط،
نَقَصَ: فعل ماضی معروف، صیغۂ واحد مذکر غائب،
اَلْكَلَامُ: فاعل،
نَقَصَ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا،
إِذَا تَمَّ العَقْلُ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔[1]

(۱۳) الأَدَبُ جُنَّةٌ لِلنَّاسِ.

ترجمہ: ادب لوگوں کے لیے ڈھال ہے۔

ترکیب:

الأَدَبُ: مبتدا، **جُنَّةٌ:** اسم جامد، موصوف،
ل: حرفِ جر، **النَّاسِ:** مجرور،
ل: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **ثَابِتَةٌ** محذوف سے،
ثَابِتَةٌ: میں **هِيَ** ضمیر مرفوع متصل، برائے واحد مؤنث غائب، فاعل، راجع بہ جانب **جُنَّةٌ**،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۱۲)
تَمَّ يَتِمُّ تَمًّا، تِمًّا، تَمَامًا (ض) پورا ہونا
اَلْعَقْلُ : ج: عُقُوْلٌ عقل، دانش
نَقَصَ يَنْقُصُ نَقْصًا، نُقْصَانًا (ن) کم ہونا، کم کرنا
اَلْكَلَامُ: كَلَّمَ يُكَلِّمُ تَكْلِيْمًا وكَلَامًا (تفعيل) بات کرنا

ثَابِتَةٌ: محذوف اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہ جملہ ہوکر صفت،

جُنَّةٌ: موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر،

الأَدَبُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(١٤) اَلْحِرْصُ مِفْتَاحُ الذُّلِّ.

ترجمہ: لالچ ذلّت کی چابی ہے۔

ترکیب:

اَلْحِرْصُ: مبتدا، **مِفْتَاحُ:** مضاف، **الذُّلِّ:** مضاف الیہ،

مِفْتَاحُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر،

اَلْحِرْصُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[2]

(١٥) اَلْقَنَاعَةُ مِفْتَاحُ الرَّاحَةِ.

ترجمہ: قناعت راحت کی چابی ہے۔

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۱۳)

الأَدَبُ: مصدر از کَرُمَ، ج: آدَابٌ ادب

الجُنَّةُ: ج: جُنَنٌ ڈھال

[2] لغات جملہ نمبر: (۱۴)

اَلْحِرْصُ: مصدر از ضَرَبَ لالچ

اَلْمِفْتَاحُ: اسم آلہ از فَتَحَ، ج: مَفَاتِيْحُ کنجی، کھولنے کا آلہ

حَرَصَ يَحْرِصُ حِرْصًا (ض) عَلٰی لالچ کرنا

اَلذُّلُّ: مصدر از ضَرَبَ، ذلّت، خواری

ذَلَّ يَذِلُّ ذُلًّا، ذِلَّةً (ض) ذلیل ہونا

(اس کے مانند ترکیب گزر چکی)۔[1]

(١٦) اَلصَّبْرُ مِفْتَاحُ الْفَرَجِ.

ترجمہ: صبر کُشادگی کی چابی ہے۔

(اس کی مانند ترکیب گزر چکی)۔[2]

(١٧) اَلنَّقْدُ خَيْرٌ مِنَ النَّسِيْئَةِ.

ترجمہ: نقد اُدھار سے بہتر ہے۔

ترکیب:

النَّقْدُ: مبتدا، **خَيْرٌ:** صیغہ صفت اسم تفضیل،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **النَّقْدُ**،

مِنْ: حرفِ جر، **النَّسِيْئَةِ:** مجرور،

مِنْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **خَيْرٌ** صیغہ صفت سے،

خَيْرٌ: اسم تفضیل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہِ جملہ ہو کر خبر،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۱۵)

قَنِعَ يَقْنَعُ قَنَعًا، قَنَاعَةً (س) جو ملے اس پر مطمئن ہونا

اَلرَّاحَةُ: ج: **رَاحَاتٌ** (ر، و، ح) آرام

[2] لغات جملہ نمبر: (١٦)

صَبَرَ يَصْبِرُ صَبْرًا (ض) روکنا

فَرَجَ يَفْرِجُ فَرْجًا (ض) کھولنا، کُشادہ کرنا

اَلنَّقْدُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ [۱]

(۱۸) اَلْجَاهِلُ يَرْضىٰ عَنْ نَفْسِهٖ.

ترجمہ: جاہل اپنے آپ سے خوش ہوتا ہے۔

ترکیب:

اَلْجَاهِلُ: مبتدا،

يَرْضىٰ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **اَلْجَاهِلُ**،

عَنْ: حرفِ جر، **نَفْسِ:** مضاف،

ہٖ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **اَلْجَاهِلُ**،

نَفْسِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،

عَنْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **يَرْضىٰ** فعل سے،

يَرْضىٰ: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر،

---

[۱] لغات جملہ نمبر: (۱۷)

اَلنَّقْدُ: مصدر از نَصَرَ، ج: **نُقُوْدٌ**، قیمت جو فوراً ادا کی جائے

نَقَدَ يَنْقُدُ نَقْدًا، تَنْقَادًا (ن) پرکھنا

اَلْخَيْرُ: اسم تفضیل کا صیغہ، **أَخْيَرُ** کا مخفف ہے۔

اَلْخَيْرُ: ج: **خُيُوْرٌ** بھلائی، نیکی

اَلْخَيْرُ: ج: **أَخْيَارٌ، خِيَارٌ،** بہت نیکی والا

اَلْجَاهِلُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۱۹) اَلسَّعِیْدُ مَنْ وُعِظَ بِغَیْرِہٖ.

ترجمہ: نیک بخت وہ ہے جو اپنے علاوہ سے نصیحت حاصل کرے۔

ترکیب:

السَّعِیْدُ: مبتدا، **مَنْ:** اسم موصول،

وُعِظَ: فعل ماضی مجہول مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

ھُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، نائب فاعل، راجع بہ جانب **مَنْ**،

ب: حرفِ جر، **غَیْرِ:** مضاف،

ہ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **مَنْ**،

غَیْرِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،

ب: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **وُعِظَ** فعل سے،

وُعِظَ: فعل اپنے نائب فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ،

مَنْ: اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر،

السَّعِیْدُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[2]

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۱۸)

اَلجَاهِلُ: اسم فاعل از سَمِعَ، ج: **جُهَّلٌ، جُهَّالٌ، جُهَلَاءُ** جاہل، ناواقف

النَّفْسُ: ج: **نُفُوْسٌ، أَنْفُسٌ**، روح، شخص

[2] لغات جملہ نمبر: (۱۹)

السَّعِیْدُ: صفت مشبہ، ج: **سُعَدَاءُ**، نیک بخت

وَعَظَ یَعِظُ وَعْظًا وَعِظَةً، (ض) نصیحت کرنا

الغَیْرُ: ج: **أَغْیَارٌ**، اجنبی، دوسرا

(۲۰) اَلنَّاسُ بِاللِّبَاسِ.

اس کی تقدیر: "اَلنَّاسُ يُعْرَفُوْنَ بِاللِّبَاسِ" ہے۔

ترجمہ: لوگ لباس سے پہچانے جاتے ہیں۔

ترکیب:

النَّاسُ: مبتدا،

يُعْرَفُوْنَ: فعل مضارع مجہول مثبت، صیغۂ جمع مذکر غائب،

واو: ضمیر مرفوع متصل بارز، برائے جمع مذکر غائب، نائب فاعل، راجع بہ جانب **النَّاسُ**،

ب: حرفِ جر، **اللِّبَاسِ:** مجرور،

ب: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **يُعْرَفُوْنَ** فعل سے،

يُعْرَفُوْنَ: فعل اپنے نائب فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر،

النَّاسُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۲۱) اَلنَّاسُ عَلٰى دِيْنِ مُلُوْكِهِمْ.

ترجمہ: لوگ اپنے بادشاہوں کے دین پر ہوتے ہیں۔

ترکیب:

النَّاسُ: مبتدا، **عَلٰى:** حرفِ جر، **دِيْنِ:** مضاف،

مُلُوْكِ: مضاف الیہ ہو کر مضاف،

هِمْ: ضمیر مجرور متصل، برائے جمع مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **النَّاسُ**،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۲۰)

اللِّبَاسُ: ج: لُبْسٌ، أَلْبِسَةٌ، کپڑا

مُلُوْكِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ،
دِيْنِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر عَلٰی حرفِ جر کا مجرور،
عَلٰی: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتُوْنَ محذوف سے،
ثَابِتُوْنَ: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر خبر،
النَّاسُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[۱]

(۲۲) اَلْقَرْضُ مِقْرَاضُ الْمَحَبَّةِ.

ترجمہ: قرض محبّت کی قینچی ہے۔
(اس کے مانند ترکیب گزر چکی)۔[۲]

(۲۳) الأَمَانِيْ تُعْمِيْ عُيُوْنَ البَصَائِرِ.

ترجمہ: آرزوئیں بصیرت کی آنکھوں کو اَندھا کر دیتی ہیں۔

ترکیب:

الأَمَانِيْ: مبتدا،
تُعْمِيْ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغہ واحد مؤنث غائب،

---

[۱] لغات جملہ نمبر: (۲۱)
الدِّيْنُ: ج: **أَدْيَانٌ**، مذہب، سیرت، بدلہ
المَلِكُ: ج: **مُلُوْكٌ، أَمْلَاكٌ**، بادشاہ

[۲] لغات جملہ نمبر: (۲۲)
القَرْضُ: مصدر از (ض)، ج: **قُرُوْضٌ**، مال دینا اس شرط پر کہ وہ وقت معین پر واپس کر دے۔
المِقْرَاضُ: اسم آلہ از (ض) ج: **مَقَارِيْضُ** قینچی
المَحَبَّةُ: اسم مصدر از (افعال) چاہنا

هِيَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مؤنث غائب، فاعل، راجع بہ جانب الأَمَانِيْ،
عُيُوْنَ: مضاف، اَلْبَصَائِرِ: مضاف الیہ،
عُيُوْنَ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعولِ بہ،
تُعْمِيْ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر،
اَلأَمَانِيْ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٢٤) اَلْحِلْمُ سَجِيَّةٌ فَاضِلَةٌ.

ترجمہ: بُردباری عمدہ خصلت ہے۔

ترکیب:

اَلْحِلْمُ: مبتدا، سَجِيَّةٌ: موصوف، فَاضِلَةٌ: صفت،
سَجِيَّةٌ: موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر،
اَلْحِلْمُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[2]

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۲۳)
الأُمْنِيَّةُ: ج: أَمَانِيُّ، أَمَانٍ، آرزو
أَعْمَىٰ، يُعْمِيْ إِعْمَاءً (إفعال) اندھا کرنا
العَيْنُ: ج: أَعْيُنٌ، عُيُوْنٌ، أَعْيَانٌ آنکھ
البَصِيْرَةُ: ج: بَصَائِرُ، بِصَارٌ، عقل، دانائی

[2] لغات جملہ نمبر: (۲۴)
حَلُمَ يَحْلُمُ حِلْمًا (ك) درگزر کرنا، بُردبار ہونا
السَّجِيَّةُ: ج: سَجِيَّاتٌ، سَجَايَا، عادت، طبیعت،
الفَاضِلَةُ: ج: فَاضِلَاتٌ، فَوَاضِلُ، صاحب فضل

(۲۵) اَلْحِمْيَةُ رَأْسُ كُلِّ دَوَاءٍ.

ترجمہ: پرہیز ہر دوا کی جڑ ہے۔

ترکیب:

اَلْحِمْيَةُ: مبتدا، **رَأْسُ:** مضاف،
كُلِّ: مضاف الیہ ہو کر مضاف، **دَوَاءٍ:** مضاف الیہ،
كُلِّ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ،
رَأْسُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر،
اَلْحِمْيَةُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۲۶) اَلْمَرْءُ يَقِيْسُ عَلٰى نَفْسِهٖ.

ترجمہ: انسان اپنے آپ پر قیاس کرتا ہے۔

ترکیب:

اَلْمَرْءُ: مبتدا، **يَقِيْسُ:** فعل مضارع معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **اَلْمَرْءُ**،
عَلٰى: حرفِ جر، **نَفْسِ:** مضاف،
ہٖ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **اَلْمَرْءُ**،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۲۵)
الحِمْيَةُ: بچائی ہوئی چیز، پرہیز
الرَّأْسُ: ج: **رُؤُوْسٌ، أَرْؤُسٌ**، سر
الدَّوَاءُ: ج: **أَدْوِيَةٌ**، دوا، علاج

نَفْسٍ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،
عَلٰی: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **یَقِیْسُ** فعل سے،
یَقِیْسُ: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر،
اَلْمَرْءُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۲۷) اَلْجِنْسُ یَمِیْلُ إِلَی الْجِنْسِ.

ترجمہ: جنس جنس کی طرف مائل ہوتی ہے۔
(اس کے مانند ترکیب گزر چکی)۔[2]

(۲۸) اَلْکَرِیْمُ إِذَا وَعَدَ وَفٰی.

ترجمہ: شریف جب وعدہ کرے گا تو پورا کرے گا۔

ترکیب:

اَلْکَرِیْمُ: مبتدا،
إِذَا: اسم ظرف، متضمّن معنیٔ شرط، مضاف،
وَعَدَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب، راجع بہ جانب **اَلْکَرِیْمُ**،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۲۶)
المَرْءُ: ج: رِجَالٌ (من غیر لفظہٖ) مرد
قَاسَ، یَقِیْسُ، قِیَاسًا (ض) اندازہ کرنا

[2] لغات جملہ نمبر: (۲۷)
الجِنْسُ: ج: أَجْنَاسٌ، قسم، نوع
مَالَ، یَمِیْلُ، مَیْلاً، مَیَلاَنًا (ض) رغبت کرنا

وَعَدَ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، مضاف الیہ، محلاً مجرور،

وَفَیٰ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **اَلْكَرِيْمُ**،

وَفَیٰ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا،

إِذَا وَعَدَ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر خبر،

اَلْكَرِيْمُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۲۹) اَلْحِكْمَةُ تَزِيْدُ الشَّرِيْفَ شَرَفًا.

ترجمہ: دانائی شریف کو شرافت کے اعتبار سے بڑھاتی ہے۔

ترکیب:

اَلْحِكْمَةُ: مبتدا،

تَزِيْدُ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مؤنث غائب،

هِيَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مؤنث غائب، فاعل، راجع بہ جانب **اَلْحِكْمَةُ**،

اَلشَّرِيْفَ: مفعولِ بہٖ، **شَرَفًا:** تمیز،

تَزِيْدُ: فعل اپنے فاعل، مفعولِ بہٖ اور تمیز سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۲۸)

اَلْكَرِيْمُ: ج: **كِرَامٌ، كُرَمَاءُ،** صاحب کرم

وَعَدَ، يَعِدُ، وَعْدًا (ض) وعدہ کرنا

وَفَیٰ، يَفِيْ، وَفَاءً (ض) پورا کرنا، محافظت کرنا

اَلْحِكْمَةُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۳۰) اَلدُّنْيَا بِالوَسَائِلِ، لَا بِالفَضَائِلِ.

ترجمہ: دُنیا وسیلوں سے حاصل ہوتی ہے؛ نہ کہ فضیلتوں سے۔

ترکیب:

اَلدُّنْيَا: مبتدا، **ب:** حرفِ جر، **اَلْوَسَائِلِ:** مجرور،

ب: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر معطوف علیہ،

لَا: حرفِ عطف، **ب:** حرفِ جر، **اَلْفَضَائِلِ:** مجرور،

ب: حرفِ جر اپنے مجروع سے مل کر معطوف،

بِالوَسَائِلِ: معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر متعلّق ہوا **تَحْصُلُ** فعل محذوف سے،

تَحْصُلُ: فعل مضارع معروف، مثبت، صیغہ واحد مؤنث غائب،

هِيَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل برائے واحد مؤنث غائب، فاعل، راجع بہ جانب **الدُّنْيَا**،

تَحْصُلُ: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر خبر،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۲۹)

الحِكْمَةُ: ج: **حِكَمٌ**، انصاف، علم، فلسفہ، دانشمندی

زَادَ، يَزِيْدُ، زَيْدًا، زِيَادَةً (ض) زیادہ کرنا، زیادہ ہونا

الشَّرِيْفُ: ج: **شُرَفَاءُ، أَشْرَافٌ**، شرف وعزّت والا

شَرُفَ، يَشْرُفُ، شَرَفًا (ك) باعزّت ہونا

الدُّنْیَا: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۳۱) اَلدُّنْیَا مَزْرَعَةُ الْأٰخِرَةِ.

ترجمہ: دُنیا آخرت کی کھیتی ہے۔

ترکیب:

اَلدُّنْیَا: مبتدا، **مَزْرَعَةُ:** مضاف، **الْأٰخِرَةِ:** مضاف الیہ،

مَزْرَعَةُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر،

اَلدُّنْیَا: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[2]

(۳۲) اَلْإِنْسَانُ حَرِیْصٌ فِیْمَا مُنِعَ.

ترجمہ: انسان اُس چیز کا لالچی ہے جس سے اُس کو روکا جائے۔

ترکیب:

اَلْإِنْسَانُ: مبتدا، **حَرِیْصٌ:** صیغہ صفت، صفت مشبہہ،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **اَلْإِنْسَانُ**،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۳۰)

الدُّنْیَا: ج: **دُنًی**، موجودہ زندگی

الوَسِیْلَةُ: ج: **وَسَائِلُ، وَسِیْلٌ**، مرتبہ، درجہ، ذریعہ

الفَضِیْلَةُ: ج: **فَضَائِلُ**، خوبی، بلند مرتبہ

[2] لغات جملہ نمبر: (۳۱)

المَزْرَعَةُ: ج: **مَزَارِعُ**، کھیت

الأٰخِرَةُ: ج: **أَوَاخِرُ**، پچھلا

فِيْ: حرفِ جر، **مَا:** اسم موصول،
مُنِعَ: فعل ماضی مجہول، مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، نائب فاعل، راجع بہ جانب **اَلْإِنْسَانُ**
مِنْهُ: محذوف، **مِنْ:** حرفِ جر،
هٗ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب راجع بہ جانب **مَا**، مجرور
مِنْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **مُنِعَ** فعل سے،
مُنِعَ: فعل اپنے نائب فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ،
مَا: اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور،
فِيْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **حَرِيْصٌ** صیغۂ صفت سے،
حَرِيْصٌ: صفت مشبہہ اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہِ جملہ ہو کر خبر،
اَلْإِنْسَانُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۳۳) اَلْإِنْسَانُ عَبْدُ الْإِحْسَانِ.

ترجمہ: انسان احسان کا غلام ہے۔

ترکیب:

اَلْإِنْسَانُ: مبتدا، **عَبْدُ:** مضاف، **اَلْإِحْسَانِ:** مضاف الیہ،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۳۲)

الحَرِيْصُ: ج: **حُرَصَاءُ، حِرَاصٌ، حُرَّاصٌ**، لالچی

مَنَعَ، يَمْنَعُ، مَنْعًا (ف) محروم کرنا، روکنا

عَبْدُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر،

اَلْإِنْسَانُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٣٤) اَلصِّدْقُ يُنْجِيْ، وَالْكِذْبُ يُهْلِكُ.

ترجمہ: سچ نجات دِلاتا ہے اور جھوٹ ہلاک کرتا ہے۔

ترکیب:

اَلصِّدْقُ: مبتدا،

يُنْجِيْ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **اَلصِّدْقُ**،

يُنْجِيْ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر،

اَلصِّدْقُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ،

واو: حرفِ عطف، **اَلْكِذْبُ:** مبتدا،

يُهْلِكُ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **اَلْكِذْبُ**،

يُهْلِكُ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۳۳)

العَبْدُ: ج: **عَبِيْدٌ، عِبَادٌ،** آدمی، غلام

أَحْسَنَ، يُحْسِنُ، إِحْسَانًا (إفعال) اچھا سلوک کرنا

اَلْكِذْبُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔[1]

(۳۵) أَحْسِنْ كَمَا أَحْسَنَ اللّٰهُ إِلَيْكَ.

اس کی تقدیر: "أَحْسِنْ إِحْسَانًا ثَابِتًا كَمَا أَحْسَنَ اللّٰهُ إِلَيْكَ". ہے۔

ترجمہ: تو احسان کر جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے تجھ پر احسان کیا۔

ترکیب:

أَحْسِنْ: فعل امر معروف، صیغہ واحد مذکر غائب،

أَنْتَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر حاضر، فاعل،

كَ: حرفِ جر، **مَا:** مصدریہ،

أَحْسَنَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،

اللّٰهُ: فاعل، **إِلیٰ:** حرفِ جر،

كَ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر حاضر، مجرور

إِلیٰ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **أَحْسَنَ** فعل سے،

أَحْسَنَ: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ،

مَا: مصدریہ اپنے صلہ سے مل کر کاف حرفِ جر کا مجرور،

كَ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **ثَابِتًا** محذوف سے،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۳۴)

صَدَقَ، يَصْدُقُ، صَدْقًا، صِدْقًا (ن) سچ بولنا

نَجَا، يَنْجُوْ، نَجَاةً (ن) نجات پانا

كَذَبَ، يَكْذِبُ، كَذِبًا (ض) جھوٹ بولنا

أَهْلَكَ، يُهْلِكُ، إِهْلَاكًا (إفعال) فنا کرنا، نابود کرنا

ثَابِتًا: اسم فاعل، اس میں هُوَ ضمیر فاعل راجع بہ جانب إِحْسَانًا مصدر،
ثَابِتًا: اسم فاعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہِ جملہ ہوکر صفت إِحْسَانًا موصوفِ محذوف کی،
إِحْسَانًا: موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعولِ مطلق،
أَحْسِنْ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ مطلق سے مل کر جملہ انشائیہ امر ہوا۔

(٣٦) إِذَا فَاتَكَ الأَدَبُ فَالْزَمِ الصَّمْتَ.

ترجمہ: جب تجھ سے اَدب فوت ہوجائے تو خاموشی کو لازم پکڑ۔

ترکیب:

إِذَا: اسم ظرف، متضمّن معنیٔ شرط، مضاف
فَاتَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہٗ واحد مذکر غائب،
كَ: ضمیر منصوب متصل، برائے واحد مذکر حاضر، مفعولِ بہٖ مقدّم،
اَلْأَدَبُ: فاعل مؤخر،
فَاتَ: فعل اپنے فاعل مؤخر اور مفعولِ بہٖ مقدّم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط، مضاف الیہ، محلاً مجرور
فَ: حرفِ جزا، اِلْزَمْ: فعل امر معروف، صیغہٗ واحد مذکر حاضر،
أَنْتَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر حاضر، فاعل،
الصَّمْتَ: مفعولِ بہٖ،
اِلْزَمْ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہٖ سے مل کر جملہ انشائیہ امر ہوکر جزا،

إِذَا فَاتَكَ الأَدَبُ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔[1]

(۳۷) إِذَا فَاتَكَ الحَيَاءُ فَافْعَلْ مَا شِئْتَ.

ترجمہ: جب تجھ سے شرم فوت ہو جائے تو تو جو چاہے کر۔

ترکیب:

إِذَا: اسم ظرف، متضمّن معنیٰ شرط، مضاف،

فَاتَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

كَ: ضمیر منصوب متصل، برائے واحد مذکر حاضر، مفعولِ بہٖ مقدّم،

اَلْحَيَاءُ: فاعل مؤخر،

فَاتَ: فعل اپنے فاعل مؤخر اور مفعولِ بہٖ مقدّم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، مضاف الیہ محلاً مجرور،

فَ: حرفِ جزا،

اِفْعَلْ: فعل امر معروف، صیغۂ واحد مذکر حاضر،

أَنْتَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر حاضر، فاعل،

مَا: اسم موصول،

شِئْتَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر حاضر،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۳۶)

فَاتَ، يَفُوْتُ، فَوْتًا وفَوَاتًا (ن) گزرنا

لَزِمَ، يَلْزَمُ، لُزُوْمًا (س) لازم ہونا، لازم رہنا

صَمَتَ، يَصْمُتُ، صَمْتًا (ن) خاموش رہنا

تَ: ضمیر بارز مرفوع متصل، برائے واحد مذکر حاضر، فاعل،

شِئْتَ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبر یہ ہو کر صلہ،

مَا: اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مفعولِ بہٖ،

اِفْعَلْ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہٖ سے مل کر جملہ انشائیہ امر ہو کر جزا،

إِذَا فَاتَكَ الحَيَاءُ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔[1]

(۳۸) اَلْحَيَاةُ كَظِلِّ الْجُدْرَانِ وَالنَّبَاتِ.

ترجمہ: زندگی دیواروں اور نباتات کے سایے کی طرح ہے۔

ترکیب:

اَلْحَيَاةُ: مبتدا، كَ: حرفِ جر، ظِلِّ: مضاف،

اَلْجُدْرَانِ: مضاف الیہ، واو: حرفِ عطف، اَلنَّبَاتِ: معطوف،

اَلْجُدْرَانِ: معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مضاف الیہ،

ظِلِّ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر کاف حرفِ جر کا مجرور، کاف حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتَةٌ محذوف سے،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۳۷)

حَيِيَ وَحَيَّ، يَحْيىٰ، حَيَاءً (س) منقبض ہونا، شرم کرنا

فَعَلَ، يَفْعَلُ فَعْلًا (ف) کرنا، بنانا

شَاءَ، يَشَاءُ، شَيْئًا، مَشِيْئَةً (ف) چاہنا

ثَابِتَةٌ: صیغۂ صفت اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہِ جملہ ہو کر خبر،
اَلْحَیَاۃُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۳۹) اَلْعَاقِلُ الْمَحْرُوْمُ خَیْرٌ مِنَ الْجَاهِلِ الْمَرْزُوْقِ.

ترجمہ: تنگ دست عقلمند بہتر ہے خوش حال جاہل سے۔

ترکیب:

اَلْعَاقِلُ: موصوف، **اَلْمَحْرُوْمُ:** صفت،
اَلْعَاقِلُ: موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا، **خَیْرٌ:** صیغۂ صفت اسم تفضیل،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **اَلْعَاقِلُ الْمَحْرُوْمُ**،
مِنْ: حرفِ جر، **اَلْجَاهِلِ:** موصوف، **اَلْمَرْزُوْقِ:** صفت،
اَلْجَاهِلِ: موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور،
مِنْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **خَیْرٌ** صیغۂ صفت سے،
خَیْرٌ: اسم تفضیل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہِ جملہ ہو کر خبر،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۳۸)

الظِّلُّ: ج: **ظِلَالٌ، أَظْلَالٌ، ظُلُوْلٌ**، سایہ
الجِدَارُ: ج: **جُدُرٌ**، دیوار
النَّبَاتُ: ج: **نَبَاتَاتٌ**، زمین سے اُگنے والی چیز
نَبَتَ، یَنْبُتُ، نَبَاتًا، سبزہ دار ہونا، اُگنا

اَلْعَاقِلُ الْمَحْرُوْمُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٤٠) اَلنَّحْوُ فِيْ الكَلَامِ كَالْمِلْحِ فِيْ الطَّعَامِ.

ترجمہ: نحو گفتگو میں ایسا ہے جیسا کہ نمک کھانے میں۔

ترکیب:

اَلنَّحْوُ: ذوالحال، **فِيْ:** حرفِ جر، **اَلْكَلَامِ:** مجرور،

فِيْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثابِتًا محذوف سے،

ثَابِتًا: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر حال،

اَلنَّحْوُ: ذوالحال اپنے حال سے مل کر مبتدا،

كَ: حرفِ جر، **اَلْمِلْحِ:** ذوالحال،

فِيْ: حرفِ جر، **اَلطَّعَامِ:** مجرور،

فِيْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتًا محذوف سے،

ثَابِتًا: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر حال،

اَلْمِلْحِ: ذوالحال اپنے حال سے مل کر مجرور،

كَ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتٌ محذوف سے،

ثَابِتٌ: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر خبر،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۳۹)

اَلْمَحْرُوْمُ: اسم مفعول (ض) ج: مَحْرُوْمُوْنَ، خیر سے روکا ہوا

اَلْمَرْزُوْقُ: اسم مفعول (ن) ج: مَرْزُوْقُوْنَ، خوش حال، روزی دیا ہوا

اَلنَّحْوُ فِيْ الكَلَامِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٤١) إِنَّ الْبَلَاءَ مُوَكَّلٌ بِالمَنْطِقِ.

ترجمہ: بے شک مصیبت بولنے سے وابستہ ہے۔

ترکیب:

إِنَّ: حرفِ مشبہ بالفعل، **اَلْبَلَاءَ:** إِنَّ کا اسم،

مُوَكَّلٌ: صیغۂ صفت اسم مفعول،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل برائے واحد مذکر غائب، نائب فاعل راجع بہ جانب **اَلْبَلَاءَ**،

ب: حرفِ جر، **اَلْمَنْطِقِ:** مجرور،

ب: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **مُوَكَّلٌ** صیغۂ صفت سے،

مُوَكَّلٌ: صیغۂ صفت اپنے نائب فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر إِنَّ کی خبر،

إِنَّ: حرفِ مشبہ بالفعل اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[2]

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۴۰)

النَّحْوُ: ج: **أَنْحَاءٌ**، علم نحو

كَلَّمَ، يُكَلِّمُ تَكْلِيْمًا، كَلَامًا (تفعيل) بات چیت کرنا

المِلْحُ: ح: **أَمْلَاحٌ**، تصغیر: **مُلَيْحَةٌ**، نمک، یہ مؤنث ہے، کبھی مذکر استعمال ہوتا ہے۔

الطَّعَامُ: (س) ج: **أَطْعِمَةٌ**، جج: **أَطْعِمَاتٌ**، خوراک

[2] لغات جملہ نمبر: (۴۱)

بَلَا، يَبْلُوْ، بَلَاءً (ن) آزمانا، تجربہ کرنا

المُوَكَّلُ: اسم مفعول (تفعيل) ج: **مُوَكَّلُوْنَ**، وابستہ کیا ہوا

نَطَقَ، يَنْطِقُ، نُطْقًا، مَنْطِقًا، نُطُوْقًا (ض) بولنا

(٤٢) أَبْصَرُ النَّاسِ مَنْ نَظَرَ إِلٰى عُيُوْبِهٖ.

ترجمہ: لوگوں میں سب سے زیادہ دیکھنے والا شخص وہ ہے جو اپنے عیوب دیکھے۔

ترکیب:

أَبْصَرُ: اسم تفضیل مضاف، **اَلنَّاسِ:** مضاف الیہ،

أَبْصَرُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،

مَنْ: اسم موصول،

نَظَرَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **مَنْ**،

إِلٰى: حرفِ جر، **عُيُوْبِ:** مضاف،

ہٖ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **مَنْ**،

عُيُوْبِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،

إِلٰى: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **نَظَرَ** فعل سے،

نَظَرَ: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ،

مَنْ: اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر،

مَنْ نَظَرَ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٤٣) أَوَّلُ الْغَضَبِ جُنُوْنٌ، وَاٰخِرُهٗ نَدَمٌ.

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۴۲)

الأَبْصَرُ: اسم تفضیل از (س) ج: **أَبْصَرُوْنَ، أَبَاصِرُ،** زیادہ بینا

نَظَرَ، يَنْظُرُ، نَظَرًا (ن) دیکھنا

العَيْبُ: ج: **عُيُوْبٌ،** بُرائی، خامی

ترجمہ: غصے کی ابتداء دیوانگی ہے اور اس کی انتہاء شرمندگی ہے۔

ترکیب:

أَوَّلُ: مضاف، **اَلْغَضَبِ:** مضاف الیہ،

أَوَّلُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، **جُنُوْنٌ:** خبر،

أَوَّلُ الغَضَبِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ،

واو: حرفِ عطف، **اٰخِرُ:** مضاف،

ہٗ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **اَلْغَضَبِ**،

اٰخِرُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، **نَدَمٌ:** خبر،

اٰخِرُہٗ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔[1]

(٤٤) إِذَا قَلَّ مَالُ المَرْءِ قَلَّ صَدِيْقُهٗ.

ترجمہ: جب مرد کا مال کم ہو جائے گا تو اس کے دوست کم ہو جائیں گے۔

ترکیب:

إِذَا: اسم ظرف، متضمّن معنیٔ شرط، مضاف

قَلَّ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۴۳)

غَضِبَ، يَغْضَبُ، غَضَبًا (س) غضبناک ہونا

الجُنُوْنُ : دیوانگی، **جُنَّ، يُجَنُّ، جُنُوْنًا وَجِنَّةً** (مجہول) دیوانہ ہونا

جَنَّ، يَجُنُّ، جَنًّا وَجُنُوْنًا (ن) چھپانا

الأٰخِرُ: ج: **أٰخِرُوْنَ**، پچھلا

نَدِمَ، يَنْدَمُ، نَدَمًا، نَدَامَةً (س) پشیمان ہونا

مَالُ: مضاف، الْمَرْءِ: مضاف الیہ،

مَالُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل،

قَلَّ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، مضاف الیہ، محلاً مجرور،

قَلَّ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

صَدِیْقُ: مضاف،

ہٗ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب اَلْمَرْءِ،

صَدِیْقُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل،

قَلَّ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا،

إِذَا قَلَّ مَالُ الْمَرْءِ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔[1]

(٤٥) إِصْلَاحُ الرَّعِيَّةِ أَنْفَعُ مِنْ كَثْرَةِ الْجُنُوْدِ.

ترجمہ: رعایا کی اصلاح لشکروں کی زیادتی سے زیادہ نفع بخش ہے۔

ترکیب:

إِصْلَاحُ: مصدر مضاف، الرَّعِيَّةِ: مفعول بہٖ مضاف الیہ،

إِصْلَاحُ: مصدر مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،

أَنْفَعُ: صیغۂ صفت اسم تفضیل،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بجانب إِصْلَاحُ الرَّعِيَّةِ،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۴۴)

قَلَّ، يَقِلُّ، قِلًّا، قُلًّا، قِلَّةً (ض) کم ہونا

الصَّدِيْقُ: ج: أَصْدِقَاءُ، صُدَقَاءُ، جج: أَصَادِقُ، پیارا دوست

مِنْ: حرفِ جر،

كَثْرَةِ: مصدر مضاف، **اَلْجُنُوْدِ:** فاعل مضاف الیہ،

كَثْرَةِ: اپنے مضاف الیہ سے مل کر مِنْ حرفِ جر کا مجرور،

مِنْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **أَنْفَعُ** صیغۂ صفت سے،

أَنْفَعُ: صیغۂ صفت اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہِ جملہ ہو کر خبر،

إِصْلَاحُ الرَّعِيَّةِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٤٦) ألف : اَلْجَاهِلُ عَدُوٌّ لِنَفْسِهٖ.

ترجمہ: جاہل اپنی ذات کا دُشمن ہوتا ہے۔

ترکیب:

اَلْجَاهِلُ: مبتدا، **عَدُوٌّ:** صیغۂ صفت اسم مبالغہ،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **اَلْجَاهِلُ**،

لِ: حرفِ جر، **نَفْسِ:** مضاف،

ہٖ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **اَلْجَاهِلُ**،

نَفْسِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۴۵)

أَصْلَحَ، يُصْلِحُ، إِصْلَاحًا (إفعال) دُرست کرنا

الرَّعِيَّةُ: ج: **رَعَايَا**، ماتحت لوگ

نَفَعَ، يَنْفَعُ، نَفْعًا (ف) نفع دینا

كَثُرَ، يَكْثُرُ، كَثْرَةً (ك) بہت ہونا

الجُنْدُ: ج: **أَجْنَادٌ، جُنُوْدٌ**، لشکر

لِ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا عَدُوٌّ صیغۂ صفت سے،
عَدُوٌّ: صیغۂ صفت اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر،
اَلْجَاهِلُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(ب) فَكَيْفَ يَكُوْنُ صَدِيْقًا لِغَيْرِهٖ؟

ترجمہ: پھر وہ اپنے علاوہ کا دوست کیسے ہوگا؟

ترکیب:

فَ: فصیحیہ، شرط محذوف: إِذَا كَانَ الأَمْرُ كَذٰلِكَ،
اس کی تقدیر: إِذَا كَانَ الأَمْرُ كَذٰلِكَ فَكَيْفَ يَكُوْنُ صَدِيْقًا لِغَيْرِهٖ ہے۔
تقدیری عبارت کا ترجمہ: جب بات ایسی ہے تو پھر وہ اپنے علاوہ کا دوست کیسے ہوگا؟
إِذَا: اسم ظرف، متضمّن معنیٔ شرط،
كَانَ: فعل ناقص، ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،
الأَمْرُ: كَانَ کا اسم،
كَ: حرفِ جر، ذٰلِكَ: مجرور،
كَ: حرفِ اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتًا محذوف سے،
ثَابِتًا: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر كَانَ کی خبر،
كَانَ: فعل ناقص اپنے اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،
فَ: حرفِ جزا، كَيْفَ: مفعولِ فیہ ثَابِتًا محذوف کا،
ثَابِتًا: محذوف اپنے مفعولِ فیہ سے مل کر حالِ مقدّم،
يَكُوْنُ: فعل ناقص، فعل مضارع معروف، مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل برائے واحد مذکر غائب ذو الحال راجع بہ جانب اَلْجَاهِلُ،

هُوَ: ضمیر ذوالحالِ مؤخر اپنے حالِ مقدّم سے مل کر یَکُوْنُ کا اسم،
صَدِیْقًا: صیغۂ صفت، صفت مشبہ،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب اَلْجَاهِلُ،
لِ: حرفِ جر، غَیْرِ: مضاف،
ہٖ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب اَلْجَاهِلُ،
غَیْرِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،
لِ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا صَدِیْقًا صیغۂ صفت سے،
صَدِیْقًا: صیغۂ صفت اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہِ جملہ ہو کر یَکُوْنُ کی خبر،
یَکُوْنُ: فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ انشائیہ استفہام ہو کر جزا،
إِذَا کَانَ الأَمْرُ کَذٰلِكَ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔[1]

(٤٧) اَلْجَاهِلُ یَطْلُبُ المَالَ، وَالْعَاقِلُ یَطْلُبُ الْکَمَالَ.

ترجمہ: جاہل مال طلب کرتا ہے اور عقلمند کمال طلب کرتا ہے۔

ترکیب:

اَلْجَاهِلُ: مبتدا، یَطْلُبُ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب اَلْجَاهِلُ،
اَلْمَالَ: مفعولِ بہٖ،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۴۶)
العَدُوُّ: ج: أَعْدَاءٌ، جج: أَعَادٍ، دشمن
کَانَ، یَکُوْنُ، کَوْنًا (ن)، ہونا، واقع ہونا
الغَیْرُ: ج: أَغْیَارٌ، علاوہ

یَطْلُبُ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر،

اَلْجَاهِلُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ،

واو: حرفِ عطف، **اَلْعَاقِلُ:** مبتدا،

یَطْلُبُ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **اَلْعَاقِلُ**،

اَلْكَمَالَ: مفعولِ بہٖ،

یَطْلُبُ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر،

اَلْعَاقِلُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔[1]

(٤٨) إِذَا تَكَرَّرَ الْكَلَامُ عَلَى السَّمْعِ تَقَرَّرَ فِي الْقَلْبِ.

ترجمہ: جب بات کان میں بار بار پڑے گی تو وہ دِل میں راسخ ہو جائے گی۔

ترکیب:

إِذَا: اسم ظرف، متضمّن معنیٰ شرط، مضاف،

تَكَرَّرَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

اَلْكَلَامُ: فاعل، **عَلٰى:** حرفِ جر، **اَلسَّمْعِ:** مجرور،

عَلٰى: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **تَكَرَّرَ** فعل سے،

تَكَرَّرَ: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، مضاف الیہ،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (٤٧)

طَلَبَ، يَطْلُبُ، طَلَبًا (ن) ڈھونڈنا

اَلْمَالُ: ج: أَمْوَالٌ، مال و دولت

كَمَلَ يَكْمُلُ كَمَالًا (ن، ك، س) پورا ہونا، کامل ہونا

تَقَرَّرَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **اَلْكَلَامُ**،
فِيْ: حرفِ جر، **اَلْقَلْبِ:** مجرور،
فِيْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **تَقَرَّرَ** فعل سے،
تَقَرَّرَ: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا،
إِذَا تَكَرَّرَ الْكَلَامُ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوا۔[1]

(٤٩) اَلْحَسَدُ كَصَدَإِ الحَدِيْدِ، لَا يَزَالُ بِهٖ حَتّٰى يَأْكُلَهٗ.

ترجمہ: حسد لوہے کے زنگ کی طرح ہوتا ہے، وہ اس کے ساتھ ہمیشہ لگا رہتا ہے، یہاں تک کہ وہ اُسے کھالے۔

ترکیب:

اَلْحَسَدُ: مبتدا، **كَ:** حرفِ جر،
صَدَإِ: مصدر مضاف، **اَلْحَدِيْدِ:** مضاف الیہ،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۴۸)
تَكَرَّرَ، يَتَكَرَّرُ، تَكَرُّرًا (تفعّل) بار بار ہونا
السَّمْعُ: ج: أَسْمَاعٌ، أَسْمُعٌ، جج: أَسَامِعُ، سننے کا حاسّہ
سَمِعَ، يَسْمَعُ، سَمْعًا، سَمَاعًا (س) سننا
تَقَرَّرَ، يَتَقَرَّرُ، تَقَرُّرًا (تفعّل) ثابت ہونا
القَلْبُ: ج: قُلُوْبٌ، دِل
الأَنْفَعُ: اسم تفضیل، **ج: أَنْفَعُوْنَ، أَنَافِعُ،** زیادہ نفع بخش

صَدَاِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر ذوالحال،

لَا یَزَالُ: فعل ناقص، مضارع معروف منفی، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، **لَا یَزَالُ** کا اسم، راجع بہ جانب **صَدَاِ**،

ب: حرفِ جر،

ہ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مجرور، راجع بہ جانب **اَلْحَدِیْدِ**،

ب: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **ثَابِتًا** محذوف سے،

ثَابِتًا: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر **لَا یَزَالُ** کی خبر،

حَتّٰی: حرفِ جر، **أَنْ:** مصدریہ مقدّر،

یَأْكُلَ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **صَدَاِ**،

ہٗ: ضمیر منصوب متصل، برائے واحد مذکر غائب، مفعولِ بہٖ، راجع بہ جانب **اَلْحَدِیْدِ**،

یَأْكُلَ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر **أَنْ** کا صلہ،

أَنْ: مصدریہ اپنے صلہ سے مل کر **حَتّٰی** حرفِ جر کا مجرور،

حَتّٰی: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **لَا یَزَالُ** فعل سے،

لَا یَزَالُ: فعل ناقص اپنے اسم، خبر اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر حال،

صَدَاِ الْحَدِیْدِ: ذوالحال اپنے حال سے مل کر کاف حرفِ جر کا مجرور،

كَ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **ثَابِتٌ** محذوف سے،

ثَابِتٌ: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر خبر،

اَلْحَسَدُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۵۰) اَلْقَلِيْلُ مَعَ التَّدْبِيْرِ خَيْرٌ مِنَ الْكَثِيْرِ مَعَ التَّبْذِيْرِ.

ترجمہ: تدبیر کے ساتھ تھوڑا مال فضول خرچی کے ساتھ زیادہ مال سے بہتر ہے۔

ترکیب:

اَلْقَلِيْلُ: صیغۂ صفت، صفت مشبہہ،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل برائے واحد مذکر غائب فاعل راجع بہ جانب المَالُ محذوف،

مَعَ: مضاف، **التَّدْبِيْرِ:** مضاف الیہ،

مَعَ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعولِ فیہ،

اَلْقَلِيْلُ: صیغۂ صفت اپنے فاعل اور مفعولِ فیہ سے مل کر شبہِ جملہ ہو کر مبتدا،

خَيْرٌ: صیغۂ صفت، اسم تفضیل،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب الْقَلِيْلُ،

مِنْ: حرفِ جر، **اَلْكَثِيْرِ:** صیغۂ صفت، صفت مشبہہ،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب المَالُ،

مَعَ: مضاف، **التَّدْبِيْرِ:** مضاف الیہ،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۴۹)

حَسَدَ، يَحْسُدُ، حَسَدًا (ن) حسد کرنا، زوالِ نعمت کی تمنّا کرنا

صَدِأَ، يَصْدَأُ، صَدَأً (س) زنگ لگ جانا

الحَدِيْدُ: واحد: حَدِيْدَةٌ، لوہا

مَا زَالَ، لَا يَزَالُ: فعل ناقص (س) استمرار کے معنیٰ میں آتا ہے

أَكَلَ، يَأْكُلُ، أَكْلًا (ن) کھانا

مَعَ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعولِ فیہ،
اَلْكَثِيْرِ: صیغۂ صفت اپنے فاعل اور مفعولِ فیہ سے مل کر شبہ جملہ ہو کر مجرور،
مِنْ: حرفِ جرا پنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا خَيْرٌ صیغۂ صفت سے،
خَيْرٌ: صیغۂ صفت اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہِ جملہ ہو کر خبر،
اَلْقَلِيْلُ مَعَ التَّدْبِيْرِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۵۱) اُطْلُبِ الْجَارَ قَبْلَ الدَّارِ، وَالرَّفِيْقَ قَبْلَ الطَّرِيْقِ.

ترجمہ: تو گھر سے پہلے پڑوسی تلاش کر اور سفر سے پہلے ساتھی۔

ترکیب:

اُطْلُبْ: فعل امر معروف، صیغۂ واحد مذکر حاضر،
أَنْتَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر حاضر، فاعل،
اَلْجَارَ: معطوف علیہ، واو: حرفِ عطف، الرَّفِيْقَ: معطوف،
اَلْجَارَ: معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعولِ بہ،
قَبْلَ: مضاف، اَلدَّارِ: مضاف الیہ،
قَبْلَ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف علیہ،
واو: حرفِ عطف، قَبْلَ: مضاف، الطَّرِيْقِ: مضاف الیہ،
قَبْلَ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر معطوف،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۵۰)

القَلِيْلُ: ج: قَلِيْلُوْنَ، أَقِلَّاءُ، جج: قَلَائِلُ، کم، لاغر

دَبَّرَ، يُدَبِّرُ، تَدْبِيْرًا (تفعیل) غور کرنا

بَذَّرَ، يُبَذِّرُ، تَبْذِيْرًا (تفعیل) فضول خرچی کرنا

قَبْلَ الدَّارِ: معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مفعولِ فیہ،
اُطْلُبْ: فعل اپنے فاعل، مفعولِ بہٖ اور مفعولِ فیہ سے مل کر جملہ انشائیہ امر ہوا۔[1]

(٥٢) اَلْوَضِيْعُ إِذَا ارْتَفَعَ تَكَبَّرَ، وَإِذَا حَكَمَ تَجَبَّرَ.

ترجمہ: کمینہ آدمی جب بلند مرتبہ پائے گا تو تکبّر کرے گا اور جب حاکم بنے گا تو ظلم کرے گا۔

ترکیب:

اَلْوَضِيْعُ: مبتدا،
إِذَا: اسم ظرف، متضمّن معنیٰ شرط، مضاف،
اِرْتَفَعَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **اَلْوَضِيْعُ**،
اِرْتَفَعَ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، مضاف الیہ،
تَكَبَّرَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **اَلْوَضِيْعُ**،
تَكَبَّرَ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا،
إِذَا ارْتَفَعَ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر معطوف علیہ،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (٥١)

الجَارُ: ج: جِيْرَانٌ، (ج و ر) پڑوسی

الدَّارُ: ج: دُوْرٌ، دِيَارٌ، (د،و،ر) گھر، مکان

الرَّفِيْقُ: ج: رُفَقَاءُ، ساتھی، مہربان

الطَّرِيْقُ: (مذکر و مؤنث) ج: طُرُقٌ، أَطْرُقٌ، طُرُقَاتٌ، راستہ

واو: حرفِ عطف، إِذَا: اسم ظرف متضمّن معنیٔ شرط، مضاف،
حَكَمَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب اَلْوَضِیْعُ،
حَكَمَ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط، مضاف الیہ،
تَجَبَّرَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب اَلْوَضِیْعُ،
تَجَبَّرَ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا،
إِذَا حَكَمَ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر معطوف،
إِذَا ارْتَفَعَ تَكَبَّرَ: معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر،
اَلْوَضِیْعُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۵۳) اَلْفَرَاغُ مِنْ شَأْنِ الأَمْوَاتِ، وَالاِشْتِغَالُ مِنْ شَأْنِ الأَحْيَاءِ.

ترجمہ: بیکاری مُردوں کے حال سے ہے اور مشغولیت زندوں کے حال سے ہے۔

ترکیب:

اَلْفَرَاغُ: مبتدا، مِنْ: حرفِ جر،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۵۲)

اِرْتَفَعَ، يَرْتَفِعُ، اِرْتِفَاعًا (افتعال) بلند ہونا

تَكَبَّرَ، يَتَكَبَّرُ، تَكَبُّرًا (تفعل) تکبّر کرنا

حَكَمَ، يَحْكُمُ، حُكْمًا (ن) حکم دینا

تَجَبَّرَ، يَتَجَبَّرُ، تَجَبُّرًا (تفعل) تکبّر کرنا، سرکش ہونا

الوَضِیْعُ: کمینہ

شَأْنِ: مضاف، اَلْأَمْوَاتِ: مضاف الیہ،
شَأْنِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،
مِنْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتٌ محذوف سے،
ثَابِتٌ: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر خبر،
اَلْفَرَاغُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ،
واو: حرفِ عطف، اَلاِشْتِغَالُ: مبتدا،
مِنْ: حرفِ جر، شَأْنِ: مضاف، اَلْأَحْيَاءِ: مضاف الیہ،
شَأْنِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،
مِنْ: حرفِ جر، اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتٌ محذوف سے،
ثَابِتٌ: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر خبر،
اَلاِشْتِغَالُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔[1]

(٥٤) اَلصَّدِيْقُ الصَّدُوْقُ مَنْ يَنْصَحُكَ فِيْ غَيْبِكَ، وَاٰثَرَكَ عَلٰى نَفْسِهٖ.

ترجمہ: زیادہ سچّا دوست وہ ہے جو تیری غیر حاضری میں تیری خیر خواہی کرے اور تجھے اپنے آپ پر ترجیح دے۔

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۵۳)

فَرِغَ: (ف، ن، س) فَرَاغًا، فُرُوْغًا، کام سے خالی ہونا

اَلشَّأْنُ: ج: شُؤُوْنٌ، شِئَانٌ، معاملہ، کام

اِشْتَغَلَ، يَشْتَغِلُ، اِشْتِغَالًا (افتعال) مشغول ہونا

ترکیب:

اَلصَّدِیْقُ: موصوف، اَلصَّدُوْقُ: صفت،
اَلصَّدِیْقُ: موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا،
مَنْ: اسم موصول،
یَنْصَحُ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،
كَ: ضمیر منصوب متصل، برائے واحد مذکر حاضر مفعولِ بہٖ،
فِيْ: حرفِ جر، غَیْبِ: مضاف،
كَ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر حاضر، مضاف الیہ،
غَیْبِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،
فِيْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا یَنْصَحُ فعل سے،
یَنْصَحُ: فعل اپنے فاعل، مفعولِ بہٖ اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ،
واو: حرفِ عطف،
أَثَرَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،
كَ: ضمیر منصوب متصل، برائے واحد مذکر حاضر، مفعولِ بہٖ،
عَلٰی: حرفِ جر، نَفْسِ: مضاف،
ہٖ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، راجع بہ جانب مَنْ، مضاف الیہ،
نَفْسِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،
عَلٰی: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا أَثَرَ فعل سے،

أَثَرَ: فعل اپنے فاعل، مفعولِ بہ اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف،
يَنْصَحُكَ فِيْ غَيْبِكَ: معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر مَنْ اسم موصول کا صلہ،
مَنْ: اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر،
اَلصَّدِيْقُ الصَّدُوْقُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٥٥) أَفْضَلُ النَّاسِ مَنْ كَانَ بِعَيْبِهٖ بَصِيْرًا، وَعَنْ عَيْبِ غَيْرِهٖ ضَرِيْرًا.

ترجمہ: لوگوں میں بہتر شخص وہ ہے جو اپنے عیب پر بینا ہو اور اپنے علاوہ کے عیب سے نابینا ہو۔

ترکیب:

أَفْضَلُ: اسم تفضیل مضاف، اَلنَّاسِ: مضاف الیہ،
أَفْضَلُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، مَنْ: اسم موصول،
كَانَ: فعل ناقص، ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، كَانَ کا اسم، راجع بہ جانب مَنْ،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (٥٤)

الصَّدُوْقُ: ج: صُدْقٌ، صُدُقٌ، ہمیشہ سچ بولنے والا

نَصَحَ، يَنْصَحُ، نَصْحًا (ف) نصیحت کرنا، مخلص ہونا، خیر خواہی کرنا

غَابَ، يَغِيْبُ، غَيْبًا (ض) غائب ہونا

الغَيْبُ: ج: غِيَابٌ، غُيُوْبٌ، پوشیدہ

أَثَرَ، يُؤْثِرُ إِيْثَارًا (إفعال) چننا، فضیلت دینا

ب: حرفِ جر، عَيْبِ: مضاف،
ہ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب مَنْ،
عَيْبِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،
ب: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق مقدّم ہوا بَصِيْرًا صیغۂ صفت سے،
بَصِيْرًا: صیغۂ صفت، صفت مشبہہ،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،
بَصِيْرًا: صیغۂ صفت اپنے فاعل اور متعلّق مقدّم سے مل کر شبہِ جملہ ہو کر معطوف علیہ،
واو: حرفِ عطف، عَنْ: حرفِ جر، عَيْبِ: مضاف،
غَيْرِ: مضاف الیہ ہو کر مضاف،
ہ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب مَنْ،
غَيْرِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ،
عَيْبِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،
عَنْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ضَرِيْرًا صیغۂ صفت سے،
ضَرِيْرًا: صیغۂ صفت صفت مشبہہ،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل راجع بہ جانب مَنْ،
ضَرِيْرًا: صیغۂ صفت اپنے فاعل اور متعلّق مقدّم سے مل کر شبہِ جملہ ہو کر معطوف،
بِعَيْبِهٖ بَصِيْرًا: معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر كَانَ کی خبر،
كَانَ: فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ،
مَنْ: اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر،

أَفْضَلُ النَّاسِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٥٦) اَلْبُخْلُ وَالْجَهْلُ مَعَ التَّوَاضُعِ خَيْرٌ مِنَ الْعِلْمِ وَالسَّخَاءِ مَعَ الْكِبْرِ.

ترجمہ: بخل اور تواضع جہالت کے ساتھ بہتر ہیں تکبّر کے ساتھ علم اور سخاوت سے۔

ترکیب:

اَلْبُخْلُ: معطوف علیہ، **واو:** حرفِ عطف، **اَلْجَهْلُ:** معطوف،

اَلْبُخْلُ: معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر ذوالحال،

مَعَ: اسم ظرف، مضاف، **التَّوَاضُعِ:** مضاف الیہ،

مَعَ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعولِ فیہ ہوا **ثَابِتَيْنِ** محذوف کا،

ثَابِتَيْنِ: محذوف اپنے مفعولِ فیہ سے مل کر حال،

اَلْبُخْلُ وَالْجَهْلُ: ذوالحال اپنے حال سے مل کر مبتدا،

خَيْرٌ: صیغہ صفت اسم تفضیل،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **اَلْبُخْلُ وَالْجَهْلُ**، بہ تاویل **كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا.**

مِنْ: حرفِ جر، **اَلْعِلْمِ:** معطوف علیہ، **واو:** حرفِ عطف،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (٥٥)

الأَفْضَلُ: اسم تفضیل (س) ج: **أَفْضَلُوْنَ، أَفَاضِلُ**، زیادہ فضیلت والا

البَصِيْرُ: صفت مشبہ، ج: **بُصَرَاءُ**، دانا، بینا

الضَّرِيْرُ: صفت مشبہ، ج: **أَضِرَّاءُ، أَضْرَارٌ**، اندھا، لاغر، مریض

اَلسَّخَاءِ: معطوف، اَلْعِلْمِ: معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر ذو الحال،

مَعَ: اسم ظرف مضاف، اَلْکِبْرِ: مضاف الیہ،

مَعَ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعولِ فیہ ثَابِتَیْنِ محذوف سے،

ثَابِتَیْنِ: محذوف اپنے مفعولِ فیہ سے مل کر حال،

اَلْعِلْمِ وَالسَّخَاءِ: ذو الحال اپنے حال سے مل کر مجرور،

مِنْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا خَیْرٌ صیغہ صفت سے،

خَیْرٌ: صیغہ صفت اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر،

اَلْبُخْلُ وَالجَهْلُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ [1]

(٥٧) أَجْهَلُ النَّاسِ مَنْ يَمْنَعُ البِرَّ، وَيَطْلُبُ الشُّكْرَ، وَيَفْعَلُ الشَّرَّ، وَيَتَوَقَّعُ الخَيْرَ.

ترجمہ: لوگوں میں زیادہ جاہل وہ شخص ہے جو نیکی کو روکے، شکر طلب کرے، بُرائی کرے اور خیر کی اُمید کرے۔

---

[1] لغات جملہ نمبر: (٥٦)

بَخِلَ، يَبْخَلُ، بَخَلًا (س) بخیل ہونا

بَخُلَ، يَبْخُلُ، بُخْلًا (ك) بخیل ہونا

تَوَاضَعَ، يَتَوَاضَعُ، تَوَاضُعًا (تفاعل) ذلیل ہونا

سَخَا، يَسْخُوْ، سَخَاءً (ن) سخی ہونا

سَخِيَ، يَسْخىٰ، سَخًا، سَخَاءً (س) سخی ہونا

سَخُوَ، يَسْخُوْ، سَخًا، سَخَاءً (ك) سخی ہونا

الكِبْرُ: تکبّر

ترکیب:

أَجْهَلُ: اسم تفضیل مضاف، **اَلنَّاسِ:** مضاف الیہ،

أَجْهَلُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، **مَنْ:** اسم موصول،

يَمْنَعُ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **الرَّجُلُ** محذوف،

اَلْبِرَّ: مفعولِ بہٖ،

يَمْنَعُ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوف علیہ،

واو: حرفِ عطف،

يَطْلُبُ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **مَنْ**،

الشُّكْرَ: مفعولِ بہٖ،

يَطْلُبُ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوفِ اوّل،

واو: حرفِ عطف،

يَفْعَلُ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **مَنْ**،

الشَّرَّ: مفعولِ بہٖ،

يَفْعَلُ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر معطوفِ ثانی،

يَتَوَقَّعُ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **مَنْ**،

اَلْخَيْرَ: مفعول بہ،

يَتَوَقَّعُ: فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف ثالث،

يَمْنَعُ الْبِرَّ: معطوف علیہ اپنے تینوں معطوفوں سے مل کر صلہ،

مَنْ: اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر،

أَجْهَلُ النَّاسِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۵۸) اَلدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهِ.

ترجمہ: بھلائی کی طرف رہنمائی کرنے والا اس کے کرنے والے کی طرح ہے۔

ترکیب:

اَلدَّالُّ: صیغۂ صفت، اسم فاعل،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب اَلْ بمعنیٰ اَلَّذِيْ،

عَلٰى: حرف جر، اَلْخَيْرِ: مجرور،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۵۷)

الأَجْهَلُ: اسم تفضیل، ج: أَجْهَلُوْنَ، أَجَاهِلُ، زیادہ جاہل

البِرُّ: بھلائی

البَرُّ: ج: أَبْرَارٌ، نیکوکار

البَرُّ: ج: بُرُوْرٌ، خشکی، خشک زمین

شَكَرَ، يَشْكُرُ، شُكْرًا (ن) شکریہ ادا کرنا

الشَّرُّ: ج: شُرُوْرٌ، بُرائی

تَوَقَّعَ، يَتَوَقَّعُ، تَوَقُّعًا (تفعّل) اُمید لگانا

الخَيِّرُ: ج: أَخْيَارٌ، نیک، الخَيْرُ: ج: خُيُوْرٌ، بھلائی

عَلیٰ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا اَلدَّالُّ صیغۂ صفت سے،
اَلدَّالُّ: صیغۂ صفت اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہِ جملہ ہو کر مبتدا،
كَ: حرفِ جر، فَاعِلِ: مضاف،
ہ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب اَلْخَیْرِ،
فَاعِلِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،
كَ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتٌ محذوف سے،
ثَابِتٌ: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر خبر،
اَلدَّالُّ عَلَى الخَيْرِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۵۹) اَلْقَلَمُ شَجَرَةٌ ثَمَرُهَا الْمَعَانِيْ.

ترجمہ: قلم ایسا درخت ہے جس کے پھل معانی ہی ہیں۔

ترکیب:

اَلْقَلَمُ: مبتدا اوّل،
شَجَرَةٌ: موصوف، ثَمَرُ: مضاف،
هَا: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب شَجَرَةٌ،
ثَمَرُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا ثانی،
اَلْمَعَانِيْ: خبر،
ثَمَرُهَا: مبتدا ثانی اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر صفت،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۵۸)
الدَّالُّ: اسم فاعل (ن) ج: دَالُّوْنَ، رہنمائی کرنے والا
الفَاعِلُ: اسم فاعل (ف) ج: فَاعِلُوْنَ، کرنے والا

شَجَرَةٌ: موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر،
اَلْقَلَمُ: مبتدا اوّل اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٦٠) كَمَا تَدِيْنُ تُدَانُ.

ترجمہ: جیسا کروگے ویسا بھروگے۔ (جیسا تم بدلہ دوگے ویسا تمھیں بدلہ دیا جائے گا)
(اس کی تقدیر: "دَيْنًا ثَابِتًا كَمَا تَدِيْنُ تُدَانُ" ہے۔

ترکیب:

كَ: حرفِ جر، **مَا:** مصدریہ،
تَدِيْنُ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر حاضر،
أَنْتَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر حاضر، فاعل،
تَدِيْنُ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جمہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ،
مَا: مصدریہ اپنے صلہ سے مل کر مجرور،
كَ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتًا محذوف سے،
ثَابِتًا: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر دَيْنًا موصوفِ محذوف کی صفت،
دَيْنًا: موصوف اپنی صفت سے مل کر مفعولِ مطلق مقدّم تُدَانُ فعل کا،
تُدَانُ: فعل مضارع مجہول مثبت، صیغہ واحد مذکر حاضر،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۵۹)
القَلَمُ: ج: أَقْلَامٌ، قلم
الشَّجَرَةُ: ج: شَجَرَاتٌ، درخت
الثَّمَرُ: واحد: ثَمَرَةٌ، ج: ثِمَارٌ، أَثْمَارٌ
المَعْنَىٰ: اسم ظرف (ض) ج: مَعَانٍ، مطلب، مقصد

أَنْتَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر حاضر، نائب فاعل،
تُدَانُ : فعل اپنے نائب فاعل اور مفعولِ مطلق مقدّم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٦١) مَنْ صَبَرَ ظَفِرَ.

ترجمہ: جو شخص صبر کرے گا وہ کامیاب ہوگا۔

ترکیب:

مَنْ: اسم شرط مبتدا، صَبَرَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،
صَبَرَ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،
ظَفِرَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،
ظَفِرَ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا،
صَبَرَ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر خبر،
مَنْ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[2]

(٦٢) مَنْ ضَحِكَ ضُحِكَ.

ترجمہ: جو ہنسے گا وہ ہنسا جائے گا۔

---

[1] لغات جملہ نمبر: (٦٠)

دَانَ، يَدِيْنُ، دَيْنًا (ض) قرض دینا، بدلہ دینا

[2] لغات جملہ نمبر: (٦١)

صَبَرَ، يَصْبِرُ، صَبْرًا (ض) دِلیری کرنا، روکنا
ظَفِرَ، يَظْفَرُ، ظَفَرًا (س) کامیاب ہونا

ترکیب:

مَنْ: اسم شرط مبتدا،

ضَحِكَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،

ضَحِكَ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط،

ضُحِكَ: فعل ماضی مجہول مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، نائب فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،

ضُحِكَ: فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا،

ضَحِكَ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوکر خبر،

مَنْ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٦٣) مَنْ جَدَّ وَجَدَ.

ترجمہ: جو کوشش کرے گا وہ پائے گا۔

ترکیب:

مَنْ: اسم شرط مبتدا،

جَدَّ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،

جَدَّ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (٦٢)

ضَحِكَ، يَضْحَكُ، ضَحْكًا، ضِحْكًا (س) ہنسا

وَجَدَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،
وَجَدَ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا،
جَدَّ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر خبر،
مَنْ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٦٤) ثَمَرَةُ الْعَجَلَةِ النَّدَامَةُ.

ترجمہ: جلد بازی کا پھل شرمندگی ہی ہے۔

ترکیب:

ثَمَرَةُ: مضاف، اَلْعَجَلَةِ: مضاف الیہ،
ثَمَرَةُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، اَلنَّدَامَةُ: خبر،
ثَمَرَةُ الْعَجَلَةِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[2]

(٦٥) سَيِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُهُمْ.

ترجمہ: قوم کا سردار اُن کا خادم ہے۔

---

[1] لغات جملہ نمبر: (٦٣)
جَدَّ (ض، ن) جِدًّا، کوشش کرنا
وَجَدَ، يَجِدُ، وَجْدًا، وِجْدَانًا (ض) پانا
[2] لغات جملہ نمبر: (٦٤)
الثَّمَرَةُ: ج: ثَمَرَاتٌ، ثِمَارٌ، ثَمَرٌ، پھل
عَجِلَ، يَعْجَلُ، عَجَلًا، عَجَلَةً (س) جلدی کرنا

ترکیب:

سَیِّدُ: مضاف، **اَلْقَوْمِ:** مضاف الیہ،

سَیِّدُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، **خَادِمُ:** مضاف،

هُمْ: ضمیر مجرور متصل، برائے جمع مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **اَلْقَوْمِ**،

خَادِمُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر،

سَیِّدُ الْقَوْمِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٦٦) خَيْرُ الأُمُوْرِ أَوْسَاطُهَا.

ترجمہ: کاموں میں بہتر اُن کے درمیانی ہیں۔

ترکیب:

خَيْرُ: اسم تفضیل مضاف، **الأُمُوْرِ:** مضاف الیہ،

خَيْرُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، **أَوْسَاطُ:** مضاف،

هَا: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مؤنث غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **اَلأُمُوْرِ**،

أَوْسَاطُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر،

خَيْرُ الأُمُوْرِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[2]

---

[1] لغات جملہ نمبر: (٦٥)

السَّيِّدُ: صفت مشبہ، ج: أَسْيَادٌ، سَادَةٌ، سَيَائِدُ، سردار

القَوْمُ: ج: أَقْوَامٌ، أَقَاوِمُ، أَقَائِمُ، لوگوں کی جماعت

الخَادِمُ: اسم فاعل (ض) ج: خُدَّامٌ، خَدَمٌ، خدمت گار

[2] لغات جملہ نمبر: (٦٦)

الأَمْرُ: ج: أُمُوْرٌ، أَوَامِرُ، کام، حکم

الوَسَطُ: ج: أَوْسَاطٌ، معتدل

(٦٧) كُلُّ جَدِيْدٍ لَذِيْذٌ.

ترجمہ: ہر نئی چیز مزے دار ہوتی ہے۔

ترکیب:

كُلُّ: مضاف، **جَدِيْدٍ:** مضاف الیہ،

كُلُّ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، **لَذِيْذٌ:** خبر،

كُلُّ جَدِيْدٍ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔[1]

(٦٨) قِصَصُ الأَوَّلِيْنَ مَوَاعِظُ الآخِرِيْنَ.

ترجمہ: اَگلوں کی کہانیاں پچھلوں کے لیے نصیحتیں ہیں۔

ترکیب:

قِصَصُ: مضاف، **الأَوَّلِيْنَ:** مضاف الیہ،

قِصَصُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، **مَوَاعِظُ:** مضاف،

الآخِرِيْنَ: مضاف الیہ،

مَوَاعِظُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر،

قِصَصُ الأَوَّلِيْنَ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔[2]

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۶۷)

الجَدِيْدُ: صفت مشبہ، ج: **جُدُدٌ**، نیا

اللَّذِيْذُ: صفت مشبہ، ج: **لُذٌّ، لِذَاذٌ**، مرغوب، مزیدار

[2] لغات جملہ نمبر: (۶۸)

القِصَّةُ: ج: **قِصَصٌ**، بات، واقعہ

المَوْعِظَةُ: ج: **مَوَاعِظُ**، وعظ و نصیحت

(٦٩) رَأْسُ الحِكْمَةِ مَخَافَةُ اللّٰهِ.

ترجمہ: حکمت کی جڑ اللہ تعالیٰ کا خوف ہے۔

ترکیب:

رَأْسُ: مضاف، **الحِكْمَةِ:** مضاف الیہ،

رَأْسُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،

مَخَافَةُ: مصدر مضاف، **اللّٰهِ:** مفعولِ بہ مضاف الیہ،

مَخَافَةُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر،

رَأْسُ الحِكْمَةِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٧٠) زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا.

ترجمہ: ایک دِن چھوڑ کر ملاقات کرو، محبّت زیادہ ہوگی۔

ترکیب:

زُرْ: فعل امر حاضر معروف، صیغۂ واحد مذکر حاضر،

أَنْتَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر حاضر، فاعل،

غِبًّا: مفعولِ مطلق،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (٦٩)

الرَّأْسُ: ج: **رُؤُوْسٌ، أَرْؤُسٌ،** سر

الحِكْمَةُ: ج: **حِكَمٌ،** علم، دانشمندی

حَكُمَ، يَحْكُمُ، حِكْمَةً (ك)، دانا ہونا

خَافَ، يَخَافُ، خَوْفًا، مَخَافَةً (س) ڈرنا، گھبرانا

زُرْ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ مطلق سے مل کر جملہ انشائیہ امر ہوا۔

تَزْدَدْ حُبًّا: اس کی تقدیر **إِنْ تَزُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا** ہے۔(اگر تم ایک دِن چھوڑ کر ملاقات کرو گے تو محبّت زیادہ ہوگی)۔

إِنْ: حرفِ شرط، **تَزُرْ:** فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر حاضر،

أَنْتَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر حاضر، فاعل،

غِبًّا: مفعولِ مطلق،

تَزُرْ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ مطلق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،

تَزْدَدْ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر حاضر،

أَنْتَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر حاضر، فاعل،

حُبًّا: تمیز، **تَزْدَدْ:** فعل اپنے فاعل اور تمیز سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا،

إِنْ تَزُرْ غِبًّا: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جوابِ امر ہوا۔[1]

(۷۱) لَيْسَ الْخَبَرُ كَالْمُعَايَنَةِ.

ترجمہ: خبر مشاہدہ کی طرح نہیں ہے۔

ترکیب:

لَيْسَ: فعل ناقص، ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۷۰)

زَارَ، يَزُوْرُ، زِيَارَةً (ن) ملاقات کے لیے جانا

غَبَّ، يَغِبُّ، غِبًّا، غَبًّا (ض) چند دِنوں کے بعد ملاقات کرنا

زَادَ، يَزِيْدُ، زَيْدًا، زِيَادَةً (ض) زیادہ ہونا، زیادہ کرنا

حَبَّ، يَحِبُّ، حُبًّا (س، ض، ن) محبوب ہونا

اَلْخَبَرُ: لَيْسَ کا اسم،

كَ: حرفِ جر، **اَلْمُعَايَنَةِ:** مجرور،

كَ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **ثَابِتًا** محذوف سے،

ثَابِتًا: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر **لَيْسَ** کی خبر،

لَيْسَ: فعل ناقص اپنے اسم اور خبر سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۷۲) عِنْدَ الرِّهَانِ تُعْرَفُ السَّوَابِقُ.

ترجمہ: گھوڑ دوڑ کے وقت ہی سبقت لے جانے والے پہچانے جاتے ہیں۔

ترکیب:

عِنْدَ: مضاف، **اَلرِّهَانِ:** مضاف الیہ،

عِنْدَ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعولِ فیہ مقدّم ہوا **تُعْرَفُ** فعل کا،

تُعْرَفُ: فعل مضارع مجہول مثبت، صیغہٴ واحد مؤنث غائب،

اَلسَّوَابِقُ: نائب فاعل،

تُعْرَفُ: فعل اپنے نائب فاعل اور مفعولِ فیہ مقدّم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔[2]

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۷۱)

الخَبَرُ: ج: أَخْبَارٌ، أَخَابِيْرُ، خبر

عَايَنَ، يُعَايِنُ، عِيَانًا، مُعَايَنَةً (مفاعلة) معاینہ کرنا، دیکھنا

[2] لغات جملہ نمبر: (۷۲)

رَاهَنَ، يُرَاهِنُ، مُرَاهَنَةً، رِهَانًا (مفاعلة) دوڑانے کے لیے شرط لگانا

عَرَفَ، يَعْرِفُ، مَعْرِفَةً، عِرْفَانًا (ض) پہچاننا، جاننا

السَّابِقُ: اسم فاعل (ض) ج: **سَابِقُوْنَ، سُبَّاقٌ، سَوَابِقُ،** سبقت لے جانے والا

سَبَقَ، يَسْبِقُ، سَبْقًا (ض) آگے بڑھ جانا

سَبَقَ، يَسْبُقُ، سَبْقًا (ن) آگے بڑھ جانا

(۷۳) حُبُّ الشَّيْءِ يُعْمِيْ وَيُصِمُّ.

ترجمہ: کسی چیز کی محبّت نابینا کر دیتی ہے اور بہرہ کر دیتی ہے۔

ترکیب:

حُبُّ: مصدر مضاف، **اَلشَّيْءِ:** مضاف الیہ،

حُبُّ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،

يُعْمِيْ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **حُبُّ**،

يُعْمِيْ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ،

واو: حرفِ عطف،

يُصِمُّ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **حُبُّ**،

يُصِمُّ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر معطوف،

يُعْمِيْ: معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر خبر،

حُبُّ الشَّيْءِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۷٤) جَزَاءُ مَنْ يَكْذِبُ أَنْ لَا يُصَدَّقَ.

ترجمہ: اُس شخص کی سزا جو جھوٹ بولے یہ ہے کہ اُسے سچّا نہ مانا جائے۔

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۷۳)

الشَّيْءُ: ج: أَشْيَاءُ، جج: أَشَاوَىٰ، چیز

أَصَمَّ، يُصِمُّ، إِصْمَامًا (إفعال)، بہرا ہونا، بہرا کرنا

ترکیب:

جَزَاءُ: مصدر مضاف، **مَنْ:** اسم موصول،

يَكْذِبُ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **مَنْ**،

يَكْذِبُ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ،

مَنْ: اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مفعولِ بہٖ، مضاف الیہ،

جَزَاءُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،

أَنْ: حرفِ ناصب،

لَا يُصَدَّقَ: فعل مضارع مجہول منفی، صیغہ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، نائب فاعل، راجع بہ جانب **مَنْ**،

لَا يُصَدَّقَ: فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ،

أَنْ: حرفِ ناصب اپنے صلہ سے مل کر خبر،

جَزَاءُ مَنْ يَكْذِبُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۷۵) خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَنْفَعُ النَّاسَ.

ترجمہ: لوگوں میں بہتر شخص وہ ہے جو لوگوں کو نفع پہنچائے۔

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۷۴)

جَزَىٰ، يَجْزِيْ، جَزَاءً (ض) بدلہ دینا

صَدَّقَ، يُصَدِّقُ، تَصْدِيْقًا (تفعيل) سچا جاننا

ترکیب:

خَیْرُ: اسم تفضیل مضاف، **النَّاسِ:** مضاف الیہ،

خَیْرُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا، **مَنْ:** اسم موصول،

یَنْفَعُ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،

ھُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **مَنْ**،

النَّاسَ: مفعولِ بہٖ،

یَنْفَعُ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ،

مَنْ: اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر،

خَیْرُ النَّاسِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۷۶) مَنْ لَا یَرْحَمُ لَا یُرْحَمُ.

ترجمہ: جو شخص رحم نہیں کرتا ہے اس پر رحم نہیں کیا جاتا ہے۔

ترکیب:(۱)

مَنْ: اسم موصول غیر عامل،

لَا یَرْحَمُ: فعل مضارع معروف منفی، صیغہ واحد مذکر غائب،

ھُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **مَنْ**،

لَا یَرْحَمُ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ، لا محل لہٗ من الاعراب،

مَنْ: اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مبتدا،

لَا یُرْحَمُ: فعل مضارع مجہول منفی، صیغہ واحد مذکر غائب،

ھُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، نائب فاعل، راجع بہ جانب **مَنْ**،

لَا یُرْحَمُ: فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر، محلاً مرفوع،

مَنْ لَا يَرْحَمُ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترکیب:(۲)

مَنْ لَا يَرْحَمْ لَا يُرْحَمْ.

ترجمہ: جو شخص رحم نہیں کرے گا اس پر رحم نہیں کیا جائے گا۔

مَنْ: اسم شرط جازم، مبتدا،

لَا يَرْحَمْ: فعل مضارع معروف منفی، صیغہ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،

لَا يَرْحَمْ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط مجزوم،

لَا يُرْحَمْ: فعل مضارع مجہول منفی، صیغہ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، نائب فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،

لَا يُرْحَمْ: فعل اپنے نائب فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا مجزوم،

لَا يَرْحَمْ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر خبر محلاً مرفوع،

مَنْ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۷۷) مَنْ لَمْ يَقْنَعْ لَمْ يَشْبَعْ.

ترجمہ: جو شخص قناعت نہیں کرے گا وہ سیر نہیں ہوگا۔

ترکیب:

مَنْ: اسم شرط مبتدا،

---

[1] لغات جملہ نمبر:(۷۶)

رَحِمَ، يَرْحَمُ، رُحُمًا، رُحْمًا، رَحْمَةً (س) نرم دِل ہونا

لَمْ يَقْنَعْ: فعل مضارع معروف منفی بلم، صیغۂ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،
لَمْ يَقْنَعْ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،
لَمْ يَشْبَعْ: فعل مضارع معروف منفی بلم، صیغۂ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، نائب فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،
لَمْ يَشْبَعْ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا،
لَمْ يَقْنَعْ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر خبر،
مَنْ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۷۸) مَنْ أَكْثَرَ الرُّقَادَ حُرِمَ الْمُرَادَ.

ترجمہ: جو شخص زیادہ سوئے گا وہ مُراد سے محروم کیا جائے گا۔

ترکیب:

مَنْ: اسم شرط مبتدا،
أَكْثَرَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،
الرُّقَادَ: مفعولِ بہ،
أَكْثَرَ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،
حُرِمَ: فعل ماضی مجہول مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۷۷)
قَنِعَ، يَقْنَعُ، قَنَعًا، قَنَاعَةً (س) جو ملے اُس پر مطمئن ہونا
شَبِعَ، يَشْبَعُ، شَبْعًا (س) شکم سیر ہونا

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، نائب فاعل، راجع بہ جانب **مَنْ**،
اَلْمُرَادَ: مفعولِ بہ،
حُرِمَ: فعل اپنے نائب فاعل اور مفعولِ بہ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا،
أَكْثَرَ الرُّقَادَ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہوکر خبر،
مَنْ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۷۹) حُبُّ الدُّنْيَا رَأْسُ كُلِّ خَطِيْئَةٍ.

ترجمہ: دُنیا کی محبّت ہر خطا کی جڑ ہے۔

ترکیب:

حُبُّ: مصدر مضاف، **الدُّنْيَا:** مفعولِ بہ، مضاف الیہ،
حُبُّ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،
رَأْسُ: مضاف، **كُلِّ:** مضاف الیہ ہوکر مضاف، **خَطِيْئَةٍ:** مضاف الیہ،
كُلِّ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مضاف الیہ،
رَأْسُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر،
حُبُّ الدُّنْيَا: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[2]

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۷۸)
رَقَدَ، يَرْقُدُ، رَقْدًا، رُقَادًا (ن) سونا
حَرَمَ، يَحْرِمُ، حِرْمَانًا (ض) منع کرنا، محروم کرنا
اَلْمُرَادُ: اسم مفعول (إفعال) ارادہ کیا ہوا
أَرَادَ، يُرِيْدُ، إِرَادَةً (إفعال) ارادہ کرنا

[2] لغات جملہ نمبر: (۷۹)
الْخَطِيْئَةُ: ج: **خَطَايَا، خَطِيْئَاتٌ**، گناہ

(۸۰) طُوْلُ التَّجَارِبِ زِيَادَةٌ فِيْ العَقْلِ.

ترجمہ: تجربوں کا لمبا ہونا عقل کی زیادتی (کا سبب) ہے۔

ترکیب:

طُوْلُ: مصدر مضاف، **التَّجَارِبِ:** فاعل مضاف الیہ،

طُوْلُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،

زِيَادَةٌ: مصدر، **فِيْ:** حرفِ جر، **اَلْعَقْلِ:** مجرور،

فِيْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **زِيَادَةٌ** مصدر سے،

زِيَادَةٌ: مصدر اپنے متعلّق سے مل کر خبر،

طُوْلُ التَّجَارِبِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۸۱) بِالعَمَلِ يَحْصُلُ الثَّوَابُ، لَا بِالكَسَلِ.

ترجمہ: ثواب عمل ہی سے حاصل ہوتا ہے، نہ کہ سستی سے۔

ترکیب:

ب: حرفِ جر، **العَمَلِ:** مجرور،

ب: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر معطوف علیہ،

لَا: حرفِ عطف، **ب:** حرفِ جر، **الكَسَلِ:** مجرور،

ب: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر معطوف،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۸۰)

طَالَ، يَطُوْلُ، طُوْلًا (ك) لمبا ہونا

التَّجْرِبَةُ: ج: **تَجَارِبُ**، تجربہ، آزمائش

بِالعَمَلِ: معطوف علیہ اپنے معطوف سے مل کر متعلّق ہوا **یَحْصُلُ** فعل سے،
یَحْصُلُ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،
الثَّوَابُ: فاعل،
یَحْصُلُ: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۸۲) مَنْ حَفِظَ لِسَانَهٗ قَلَّتْ نَدَامَتُهٗ.

ترجمہ: جو شخص اپنی زبان کی حفاظت کرے گا اُس کی شرمندگی کم ہوگی۔

ترکیب:

مَنْ: اسم شرط مبتدا، **حَفِظَ:** فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **مَنْ**،
لِسَانَ: مضاف،
هٗ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **مَنْ**،
لِسَانَ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مفعولِ بہٖ،
حَفِظَ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،
قَلَّتْ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مؤنث غائب،
نَدَامَةُ: مضاف،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۸۱)
العَمَلُ: ج: **أَعْمَالٌ**، ارادۃً فعل کرنا، عمل، کام
حَصَلَ، یَحْصُلُ، حُصُوْلًا (ن) حاصل ہونا
الثَّوَابُ: بدلہ
کَسِلَ، یَکْسَلُ، کَسَلًا (س) کاہل ہونا

ہٗ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **مَنْ**،

نَدَامَةُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل،

قَلَّتْ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا،

حَفِظَ لِسَانَهٗ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر خبر،

مَنْ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۸۳) كُلُّ إِنَاءٍ يَنْضَحُ بِمَا فِيْهِ.

ترجمہ: ہر برتن وہ ٹپکاتا ہے جو اُس میں ہوتا ہے۔

ترکیب:

كُلُّ: مضاف، **إِنَاءٍ:** مضاف الیہ،

كُلُّ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،

يَنْضَحُ: فعل مضارع معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **كُلُّ إِنَاءٍ**،

بِ: حرفِ جر، **مَا:** اسم موصول، **فِيْ:** حرفِ جر،

هِ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مجرور، راجع بہ جانب **كُلُّ إِنَاءٍ**،

فِيْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے متعلّق ہوا ثَبَتَ فعل سے،

ثَبَتَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۸۲)

حَفِظَ، يَحْفَظُ، حِفْظًا (س) حفاظت کرنا

اللِّسَانُ: ج: **أَلْسِنَةٌ، أَلْسُنٌ، لِسَانَاتٌ** زبان

نَدِمَ، يَنْدَمُ، نَدَمًا، نَدَامَةً (س) پشیمان ہونا

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **مَا**،
ثَبَتَ: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ،
مَا: اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر مجرور،
ب: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **يَنْضَحُ** فعل سے،
يَنْضَحُ: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر خبر،
كُلُّ إِنَاءٍ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٨٤) مَنْ قَلَّ صِدْقُهٗ قَلَّ صَدِيْقُهٗ.

ترجمہ: جس شخص کا سچ کم ہوگا اس کے دوست کم ہوں گے۔

ترکیب:

مَنْ: اسم شرط مبتدا،
قَلَّ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،
صِدْقُ: مضاف،
ہٗ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **مَنْ**،
صِدْقُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل،
قَلَّ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،
قَلَّ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،
صَدِيْقُ: مضاف،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۸۳)
الإِنَاءُ: ج: أٰنِيَةٌ، جج: أَوَانٍ، برتن
نَضَحَ، يَنْضَحُ، نَضْحًا (ف) ٹپکنا

ہٗ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **مَنْ**،
صَدِیْقُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل،
قَلَّ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا،
قَلَّ صِدْقُہٗ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر خبر،
مَنْ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

(۸۵) مَنْ كَثُرَ لَغَطُهٗ كَثُرَ غَلَطُهٗ.

ترجمہ: جس شخص کی بکواس زیادہ ہوگی اس کی غلطی زیادہ ہوگی۔

ترکیب:

مَنْ: اسم شرط مبتدا، **کَثُرَ:** فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،
لَغَطُ: مضاف،
ہٗ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **مَنْ**،
لَغَطُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل،
کَثُرَ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،
کَثُرَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب، **غَلَطُ:** مضاف،
ہٗ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **مَنْ**،
غَلَطُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر فاعل،
کَثُرَ: فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا،
کَثُرَ لَغَطُہٗ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر خبر،

مَنْ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۸۶) مَنْ كَثُرَ مِزَاحُهُ زَالَتْ هَيْبَتُهُ.

ترجمہ: جس شخص کا مذاق زیادہ ہوگا اُس کی ہیبت ختم ہو جائے گی۔

(اس کی ترکیب جملہ نمبر: ۸۴، ۸۵ کے مانند ہوگی)۔[2]

(۸۷) فَخْرُكَ بِفَضْلِكَ خَيْرٌ مِنْهُ بِأَصْلِكَ.

ترجمہ: تیرا اپنے کمال پر فخر کرنا بہتر ہے اپنی اصل پر فخر کرنے سے۔

ترکیب:

فَخْرُ: مصدر مضاف،

كَ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر حاضر، فاعل مضاف الیہ،

بِ: حرفِ جر، **فَضْلِ:** مصدر مضاف،

كَ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر حاضر، فاعل مضاف الیہ،

فَضْلِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،

بِ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **فَخْرُ** مصدر سے،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۸۵)

لَغَطَ، يَلْغَطُ، لَغَطًا، لِغَاطًا (ف) شور کرنا

غَلِطَ، يَغْلَطُ، غَلَطًا (س) غلطی کرنا

[2] لغات جملہ نمبر: (۸۶)

مَازَحَ، يُمَازِحُ، مُمَازَحَةً، مِزَاحًا (مفاعلة) ہنسی مذاق کرنا

زَالَ، يَزُوْلُ، زَوَالًا (ن) ہٹنا، دور ہونا

هَابَ، يَهَابُ، هَيْبًا، هَيْبَةً (س) خوف کرنا، بچنا

فَخْرُ: مضاف اپنے مضاف الیہ اور متعلّق سے مل کر مبتدا،
خَيْرٌ: صیغۂ صفت اسم تفضیل،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **فَخْرُ**،
مِنْ: حرفِ جر،
هُ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، ذوالحال، راجع بہ جانب **فَخْرُ**،
بِ: حرفِ جر، **أَصْلِ:** مضاف،
كَ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر حاضر، مضاف الیہ،
أَصْلِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،
بِ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **ثَابِتًا** محذوف سے،
ثَابِتًا: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر حال،
هُ: ضمیر ذوالحال اپنے حال سے مل کر **مِنْ** حرفِ جر کا مجرور،
مِنْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **خَيْرٌ** صیغۂ صفت سے،
خَيْرٌ: صیغۂ صفت اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہ جملہ ہو کر خبر،
فَخْرُكَ بِفَضْلِكَ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۸۸) مَنْ مَنَّ بِمَعْرُوْفِهٖ أَفْسَدَهٗ.

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۸۷)

فَخَرَ، يَفْخَرُ، فَخْرًا (ف) فخر کرنا

الفَضْلُ: ج: فُضُوْلٌ، احسان، زیادتی

فَضَلَ، يَفْضُلُ (س، ك) صاحب فضل ہونا

الأَصْلُ: ج: أُصُوْلٌ، جڑ، یہاں مراد خاندان ہے۔

ترجمہ: جو شخص اپنی نیکی کا احسان جتلائے گا وہ اُسے فاسد کردے گا۔

ترکیب:

مَنْ: اسم شرط، مبتدا،

مَنَّ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **مَنْ**،

بِ: حرفِ جر، **مَعْرُوْفِ:** مضاف،

ہٖ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **مَنْ**،

مَعْرُوْفِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،

بِ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **مَنَّ** فعل سے،

مَنَّ: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر شرط،

أَفْسَدَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **مَنْ**،

ہٗ: ضمیر منصوب متصل، برائے واحد مذکر غائب، مفعولِ بہٖ، راجع بہ جانب **مَعْرُوفِ**،

أَفْسَدَ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہٖ سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر جزا، **مَنَّ بِمَعْرُوْفِہٖ** شرط اپنی جزا سے مل کر خبر، **مَنْ** مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ [1]

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۸۸،۸۹)

مَنَّ، يَمُنُّ، مَنًّا، مِنَّةً (ن) احسان جتانا، احسان کرنا

أَفْسَدَ، يُفْسِدُ، إِفْسَادًا (إفعال) خراب کرنا، بگاڑنا

الذَّنْبُ: ج: ذُنُوْبٌ، جج: ذُنُوْبَاتٌ، گناہ

(۸۹) مَنْ قَلَّ حَيَاؤُهٗ كَثُرَ ذَنْبُهٗ.

ترجمہ: جس کی شرم کم ہوگی اُس کے گناہ زیادہ ہوں گے۔

(ترکیب واضح ہے)۔

(۹۰) مَنْ حَسُنَ خُلُقُهٗ كَثُرَتْ إِخْوَانُهٗ.

ترجمہ: جس کے اخلاق اچھے ہوں گے اس کے بھائی (دوست) زیادہ ہوں گے۔

(ترکیب واضح ہے)۔[1]

(۹۱) مَنْ كَتَمَ سِرَّهٗ بَلَغَ مُرَادَهٗ.

ترجمہ: جو اپنا راز چھپائے گا وہ اپنی مُراد (مقصود) کو پہنچے گا۔

(ترکیب واضح ہے)۔[2]

(۹۲) مَنْ أَحَبَّ شَيْئًا أَكْثَرَ ذِكْرَهٗ.

ترجمہ: جو کسی چیز سے محبّت کرے گا اُس کا ذکر زیادہ کرے گا۔

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۹۰)

حَسُنَ، يَحْسُنُ، حُسْنًا (ك) خوبصورت ہونا

الخُلُقُ: ج: أَخْلَاقٌ، طبیعت، عادت

[2] لغات جملہ نمبر: (۹۱)

كَتَمَ، يَكْتُمُ، كَتْمًا وكِتْمَانًا (ن) پوشیدہ کرنا، چھپانا

السِّرُّ: ج: أَسْرَارٌ، بھید، راز

بَلَغَ، يَبْلُغُ، بُلُوْغًا (ن) پہنچنا

(ترکیب واضح ہے)۔[۱]

(٩٣) مَنْ وَقَّرَ أَبَاهُ طَالَتْ أَيَّامُهُ.

ترجمہ: جو اپنے والد کی تعظیم کرے گا اُس کے دِن لمبے ہوں گے۔(اس کی عمر زیادہ ہوگی)۔

(ترکیب واضح ہے)۔[۲]

(٩٤) مَنْ طَالَ عُمْرُهُ فَقَدَ أَحِبَّتَهُ.

ترجمہ: جس شخص کی عمر لمبی ہوگی وہ اپنے احباب کو گُم پائے گا۔

(ترکیب واضح ہے)۔[۳]

---

[۱] لغات جملہ نمبر:(۹۲)

أَحَبَّ، يُحِبُّ، إِحْبَابًا (إفعال) محبّت کرنا

الذِّكْرُ: ج: ذُكُوْرٌ، أَذْكَارٌ، یاد، شہرت

[۲] لغات جملہ نمبر:(۹۳)

وَقَّرَ، يُوَقِّرُ، تَوْقِيْرًا (تفعيل) تعظیم کرنا

الأَبُ: ج: آبَاءٌ، أَبُوْنَ، باپ

اليَوْمُ: جَ: أَيَّامٌ، جج: أَيَاوِمُ، دِن، وقت

[۳] لغات جملہ نمبر:(۹۴)

العُمْرُ: ج: أَعْمَارٌ، عمر

فَقَدَ، يَفْقِدُ، فَقْدًا، فُقْدَانًا (ض) گُم کرنا، کھونا

الحَبِيْبُ: ج: أَحِبَّةٌ، أَحِبَّاءُ، أَحْبَابٌ، محبوب، دوست

(۹۵) تَعَاشَرُوْا كَالإِخْوَانِ، وَتَعَامَلُوْا كَالأَجَانِبِ.

ترجمہ: تم بھائیوں کی طرح رہواور اجنبیوں کی طرح معاملہ کرو۔

ترکیب:

تَعَاشَرُوْا: فعل امر معروف، صیغۂ جمع مذکر حاضر،

واو: ضمیر بارز مرفوع متصل، برائے جمع مذکر حاضر، فاعل،

كَ: حرفِ جر، **الإِخْوَانِ:** مجرور،

كَ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **تَعَاشَرُوْا** فعل سے،

تَعَاشَرُوْا: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ انشائیہ امر ہوکر معطوف علیہ،

واو: حرفِ عطف،

تَعَامَلُوْا: فعل امر معروف، صیغۂ جمع مذکر حاضر،

واو: ضمیر بارز مرفوع متصل، برائے جمع مذکر حاضر، فاعل،

كَ: حرفِ جر، **الأَجَانِبِ:** مجرور،

كَ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **تَعَامَلُوْا** فعل سے،

تَعَامَلُوْا: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ انشائیہ امر معطوفہ ہوا۔[1]

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۹۵)

تَعَاشَرَ، يَتَعَاشَرُ، تَعَاشُرًا (تفاعل) مل جُل کر رہنا، زندگی گزارنا

الأَخُ: ج: إِخْوَةٌ، إِخْوَانٌ، بھائی، ساتھی

تَعَامَلَ، يَتَعَامَلُ، تَعَامُلًا (تفاعل) معاملہ کرنا

الأَجْنَبُ: ج: أَجَانِبُ، نافرمان، غیر

(٩٦) خَيْرُ المَالِ مَا وُقِيَ بِهِ العِرْضُ.

ترجمہ: بہترین مال وہ ہے جس کے ذریعے عزّت کی حفاظت کی جائے۔

ترکیب:

خَيْرُ: اسم تفضیل مضاف، **المَالِ:** مضاف الیہ،

خَيْرُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،

مَا: اسم موصول،

وُقِيَ: فعل ماضی مجہول مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب، **بِ:** حرفِ جر،

ہٖ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مجرور، راجع بہ جانب **مَا**،

بِ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **وُقِيَ** فعل سے،

العِرْضُ: نائب فاعل مؤخر،

وُقِيَ: فعل اپنے نائب فاعل مؤخر اور متعلّق مقدّم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صلہ،

مَا: اسم موصول اپنے صلہ سے مل کر خبر،

خَيْرُ المَالِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(٩٧) جَرْحُ الكَلَامِ أَشَدُّ مِنْ جَرْحِ السِّهَامِ.

ترجمہ: بات کا زخم زیادہ سخت ہوتا ہے تیروں کے زخم سے۔

---

[1] لغات جملہ نمبر: (٩٦)

وَقَىٰ، يَقِيْ، وِقَايَةً (ض) حفاظت کرنا

العِرْضُ: ج: **أَعْرَاضٌ**، عزّت، آبرو

ترکیب:

جَرْحُ: مضاف، **الکَلَامِ:** مضاف الیہ،

جَرْحُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،

أَشَدُّ: صیغۂ صفت اسم تفضیل،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **جَرْحُ الکَلَامِ**،

مِنْ: حرفِ جر، **جَرْحِ:** مضاف،

السِّهَامِ: مضاف الیہ،

جَرْحِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،

مِنْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **أَشَدُّ** صیغۂ صفت سے،

أَشَدُّ: صیغۂ صفت اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر شبہِ جملہ ہو کر خبر،

جَرْحُ الکَلَامِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۹۸) وَحْدَةُ الْمَرْءِ خَيْرٌ مِنْ جَلِيْسِ السُّوْءِ.

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۹۷)

الجَرْحُ: ج: **جُرُوْحٌ، أَجْرَاحٌ،** زخم

جَرِحَ، يَجْرَحُ، جَرَحًا (س) زخمی ہونا

جَرَحَ، يَجْرَحُ، جَرْحًا (ف) زخمی کرنا

الأَشَدُّ: ج: **أَشَدُّوْنَ،** بہت سخت

السَّهْمُ: ج: **سِهَامٌ، أَسْهُمٌ،** تیر

ترجمہ: انسان کی تنہائی بہتر ہے بُرے ہم نشین سے۔
(ترکیب واضح ہے سابقہ جملہ کی طرح)۔[1]

(۹۹) شَرُّ النَّاسِ العَالِمُ لَا يَنْفَعُ بِعِلْمِهٖ.

ترجمہ: لوگوں میں سب سے بُرا وہ عالم ہے جو اپنے علم سے نفع نہ پہنچائے۔

ترکیب:

شَرُّ: مضاف، **النَّاسِ:** مضاف الیہ،
شَرُّ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،
اَلْعَالِمُ: موصوف (**اَلْعَالِمُ:** معرفہ بالف لام جنسی نکرہ کے حکم میں ہے)
لَا يَنْفَعُ: فعل مضارع معروف منفی، صیغۂ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **العَالِمُ**،
بِ: حرف جر، **عِلْمِ:** مضاف،
هٖ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **العَالِمُ**،
عِلْمِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۹۸)
الوَحْدَةُ: تنہائی
وَحَدَ، يَحِدُ، وَحْدًا، وَحْدَةً (ض) اکیلا ہونا
الجَلِيْسُ: ج: **جُلَسَاءُ، جُلَّاسٌ**، ہم نشین
السُّوْءُ: ج: **أَسْوَاءٌ**، آفت، شر و فساد
سَاءَ، يَسُوْءُ، سَوَاءًا (ن) بُرا ہونا
الأَجْلُ: سبب

بِ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا لَا يَنْفَعُ فعل سے،

لَا يَنْفَعُ: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر صفت،

العَالِمُ: موصوف اپنی صفت سے مل کر خبر،

شَرُّ النَّاسِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ [1]

(۱۰۰) شَخْصٌ بِلَا أَدَبٍ كَجَسَدٍ بِلَا رُوْحٍ.

ترجمہ: بے ادب شخص بے روح جسم کی طرح ہے۔

ترکیب:

شَخْصٌ: موصوف،

بِ: حرفِ جر، لَا أَدَبٍ: مجرور،

بِ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتٌ صیغۂ صفت سے،

ثَابِتٌ: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر صفت،

شَخْصٌ: موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا،

كَ: حرفِ جر، جَسَدٍ: موصوف،

بِ: حرفِ جر، لَا رُوْحٍ: مجرور،

بِ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتٍ محذوف سے،

ثَابِتٍ: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر صفت،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۹۹)

العَالِمُ: ج: عُلَّمٌ، عَالِمُوْنَ، عالم

نَفَعَ، يَنْفَعُ، نَفْعًا (ف) فائدہ پہنچانا

العِلْمُ: ج: عُلُوْمٌ، یقین، معرفت، عَلِمَ، يَعْلَمُ، عِلْمًا (س) جاننا

جَسَدٍ: موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور،
كَ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتٌ محذوف سے،
ثَابِتٌ: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر خبر،
شَخْصٌ بِلَا أَدَبٍ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۱۰۱) يُصْبَرُ عَلىٰ نَقْلِ الجِبَالِ لِأَجْلِ المَالِ.

ترجمہ: صبر کیا جاتا ہے پہاڑوں کے منتقل کرنے پر مال کے لیے۔

ترکیب:

يُصْبَرُ: فعل مضارع مجہول مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،
عَلىٰ: حرفِ جر،
نَقْلِ: مصدر مضاف، **الجِبَالِ:** مفعولِ بہٖ مضاف الیہ،
نَقْلِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،
عَلىٰ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر نائب فاعل، محلاً مرفوع،
لِ: حرفِ جر، **أَجْلِ:** مضاف، **المَالِ:** مضاف الیہ،
أَجْلِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،
لِ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **يُصْبَرُ** فعل سے، محلاً منصوب،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۱۰۰)
الشَّخْصُ: أَشْخُصٌ، أَشْخَاصٌ، جسم انسانی
الأَدَبُ: ج: أٰدَابٌ، اخلاقی ملکہ، خوش طبعی
الجَسَدُ: ج: أَجْسَادٌ، بدن
الرُّوْحُ: ج: أَرْوَاحٌ، جان، نفس

يُصْبَرُ: فعل اپنے نائب فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۱۰۲) عِلْمٌ بِلَا عَمَلٍ كَحِمْلٍ عَلٰى جَبَلٍ.

ترجمہ: بغیر عمل کا علم اونٹ پر بوجھ کی طرح ہے۔

(ترکیب واضح ہے، جملہ نمبر: ۱۰۰ کی طرح)[2]

(۱۰۳) سَلِ الْمُجَرِّبَ، وَلَا تَسْأَلِ الْحَكِيْمَ.

ترجمہ: تو تجربہ کار سے پوچھ، اور عقلمند سے مت پوچھ۔

ترکیب:

سَلْ: فعل امر معروف، صیغۂ واحد مذکر حاضر،

أَنْتَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر حاضر، فاعل،

الْمُجَرِّبَ: مفعولِ بہٖ،

سَلْ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہٖ سے مل کر جملہ انشائیہ امر ہو کر معطوف علیہ،

واو: حرفِ عطف،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۱۰۱)

نَقَلَ، يَنْقُلُ، نَقْلًا (ن) منتقل کرنا

الجَبَلُ: ج: جِبَالٌ، أَجْبَالٌ، پہاڑ

[2] لغات جملہ نمبر: (۱۰۲)

الحِمْلُ: ج: أَحْمَالٌ، حُمُوْلَةٌ، بوجھ

الجَمَلُ: ج: جِمَالٌ، أَجْمَالٌ، جُمُلٌ، جِمَالَةٌ، اونٹ

لَا تَسْأَلْ: فعل نہی معروف، صیغۂ واحد مذکر حاضر،

أَنْتَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر حاضر، فاعل،

الحَكِيْمَ: مفعولِ بہٖ،

لَا تَسْأَلْ: فعل اپنے فاعل اور مفعولِ بہٖ سے مل کر جملہ انشائیہ نہی معطوفہ ہوا۔ [1]

(۱۰٤) لَيْسَ مِنْ عَادَةِ الكِرَامِ سُرْعَةُ الانْتِقَامِ.

ترجمہ: شریفوں کی عادت میں سے نہیں ہے انتقام لینے میں جلد بازی کرنا۔

ترکیب:

لَيْسَ: فعل ناقص ماضی معروف مثبت، صیغۂ واحد مذکر غائب،

مِنْ: حرفِ جر، عَادَةِ: مضاف، الكِرَامِ: مضاف الیہ،

عَادَةِ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مجرور،

مِنْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتَةً محذوف سے،

ثَابِتَةً: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر لَيْسَ کی خبر مقدّم،

سُرْعَةُ: مضاف، الانْتِقَامِ: مضاف الیہ،

سُرْعَةُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر لَيْسَ کا اسم مؤخر،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۱۰۳)

سَأَلَ، يَسْأَلُ، سُؤَالًا (ف) طلب کرنا، مانگنا

المُجَرِّبُ: اسم فاعل از تفعیل، ج: مُجَرِّبُوْنَ، تجربہ کرنے والا

لَيْسَ: فعل ناقص اپنے اسم مؤخر اور خبر مقدّم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۱۰۵) مَنْ طَمِعَ فِيْ الكُلِّ فَاتَهُ الكُلُّ.

ترجمہ: جو شخص کل میں لالچ کرے گا اس سے کل فوت ہو جائے گا۔

ترکیب:

مَنْ: اسم شرط، مبتدا،

طَمِعَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،

هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب **مَنْ**،

فِيْ: حرفِ جر، **الكُلِّ:** مجرور،

فِيْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **طَمِعَ** فعل سے،

طَمِعَ: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،

فَاتَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،

هٗ: ضمیر منصوب متصل، برائے واحد مذکر غائب، مفعولِ بہٖ مقدّم، راجع بہ جانب **مَنْ**،

الكُلُّ: فاعل مؤخر،

فَاتَ: فعل اپنے فاعل مؤخر اور مفعولِ بہٖ مقدّم سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا،

طَمِعَ فِيْ الكُلِّ: شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ ہو کر خبر،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۱۰۴)

العَادَةُ: ج: عَادٌ، عَادَاتٌ، عادت، خو

الكَرِيْمُ: ج: كِرَامٌ، كُرَمَاءُ، صاحب کرم

سَرِعَ، يَسْرِعُ، سُرْعَةً، سَرَاعَةً (س، ك) جلدی کرنا

اِنْتَقَمَ، يَنْتَقِمُ، اِنْتِقَامًا (افتعال) بدلہ لینا، سزا دینا

مَنْ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۱۰٦) تَاجُ المَلِكِ عَفَافُهُ، وَحِصْنُهُ إِنْصَافُهُ.

ترجمہ: بادشاہ کا تاج اُس کی پاکدامنی ہے اور اس کا قلعہ اُس کا اِنصاف ہے۔

ترکیب:

تَاجُ: مضاف، **المَلِكِ:** مضاف الیہ،

تَاجُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،

عَفَافُ: مضاف،

هُ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **المَلِكِ**،

عَفَافُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر،

تَاجُ المَلِكِ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہو کر معطوف علیہ،

واو: حرفِ عطف، **حِصْنُ:** مضاف،

هُ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **المَلِكِ**،

حِصْنُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر مبتدا،

إِنْصَافُ: مضاف،

هُ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر غائب، مضاف الیہ، راجع بہ جانب **المَلِكِ**،

إِنْصَافُ: مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۱۰۵)

طَمِعَ، يَطْمَعُ، طَمَعًا (س) لالچ کرنا

فَاتَ، يَفُوْتُ، فَوْتًا، فُوَاتًا (ن) گزرنا، جاتا رہنا

حِصْنُهٗ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ معطوفہ ہوا۔[1]

(۱۰۷) سُلْطَانٌ بِلَا عَدْلٍ كَنَهْرٍ بِلَا مَاءٍ.

ترجمہ: بغیر انصاف کا بادشاہ بغیر پانی کی نہر کی طرح ہے۔

ترکیب:

سُلْطَانٌ: موصوف،

بِ: حرفِ جر، **لَا عَدْلٍ:** مجرور،

بِ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **ثَابِتٌ** محذوف سے،

ثَابِتٌ: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر صفت،

سُلْطَانٌ: موصوف اپنی صفت سے مل کر مبتدا،

كَ: حرفِ جر، **نَهْرٍ:** موصوف،

بِ: حرفِ جر، **لَا مَاءٍ:** مجرور،

بِ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا **ثَابِتٍ** محذوف سے،

ثَابِتٍ: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر صفت،

نَهْرٍ: موصوف اپنی صفت سے مل کر مجرور،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۱۰۶)

التَّاجُ: ج: تِيْجَانٌ، شاہی ٹوپی

المَلِكُ: ج: مُلُوْكٌ، أَمْلَاكٌ، بادشاہ

عَفَّ، يَعِفُّ، عَفًّا، عِفَّةً، عَفَافًا (ض) پاک دامن ہونا

الحِصْنُ: ج: حُصُوْنٌ، أَحْصَانٌ، بلند جگہ، قلعہ

أَنْصَفَ، يُنْصِفُ، إِنْصَافًا (إفعال) انصاف کرنا

بِ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا ثَابِتٌ محذوف سے،
ثَابِتٌ: محذوف اپنے متعلّق سے مل کر خبر،
سُلْطَانٌ بِلَا عَدْلٍ: مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔[1]

(۱۰۸) مَنْ نَقَلَ إِلَيْكَ فَقَدْ نَقَلَ عَنْكَ.

ترجمہ: جو شخص تیرے سامنے نقل کرے گا وہ یقیناً تجھ سے نقل کرے گا۔

ترکیب:

مَنْ: اسم شرط، مبتدا،
نَقَلَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،
إِلیٰ: حرفِ جر، كَ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر حاضر مجرور،
إِلیٰ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا نَقَلَ فعل سے،
نَقَلَ: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر شرط،
فَ: حرفِ جزا، قَدْ: حرفِ تحقیق،
نَقَلَ: فعل ماضی معروف مثبت، صیغہ واحد مذکر غائب،
هُوَ: ضمیر مستتر مرفوع متصل، برائے واحد مذکر غائب، فاعل، راجع بہ جانب مَنْ،

---

[1] لغات جملہ نمبر: (۱۰۷)

السُّلْطَانُ: ج: سَلَاطِيْنُ، بادشاہ
العَدْلُ: ج: أَعْدَالٌ، انصاف، عادل
النَّهْرُ: ج: أَنْهُرٌ، أَنْهَارٌ، نُهُرٌ، ندی، دریا
المَاءُ: اصل: مَوَهٌ، ج: مِيَاهٌ، أَمْوَاهٌ، تصغیر: مُوَيْهٌ، پانی

عَنْ: حرفِ جر، كَ: ضمیر مجرور متصل، برائے واحد مذکر حاضر، مجرور،
عَنْ: حرفِ جر اپنے مجرور سے مل کر متعلّق ہوا نَقَلَ فعل سے،
نَقَلَ: فعل اپنے فاعل اور متعلّق سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر جزا،
